عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز بدھ 30 ستمبر 2026ء/ 17 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 182

معاشی ترقی کیلئے وزیر خزانہ اور دیگر حکام کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، شہباز شریف

پاکستان نے حالیہ برسوں میں ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور محنت کی ہے معاشی استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف نے لندن سٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی، جہاں انہوں نے خطاب بھی کیا

لندن (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کا لندن سٹاک ایکسچینج کا دورہ، مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے لندن سٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی، جہاں انہوں نے خطاب بھی کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ لندن سٹاک ایکسچینج کی مارکیٹ اوپن تقریب میں مدعو کیا جانا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ برسوں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پی ٹی آئی ملک کی خاطر حکومت اور ریاست کا ساتھ دے، شوکت یوسفزئی کا پارٹی قیادت کو خط

ملک کو ممکنہ بیرونی خطرات اور دہشتگردی کا سامنا، پارٹی مطالبات سے دستبردار ہوئے بغیر احتجاج موخر کرے

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات اور سابق وزیر شوکت یوسفزئی نے پارٹی قائدین کو موجودہ حالات کے پیش نظر لانگ مارچ فوری طور پر ملتوی کرنے اور ریاست سے ٹکرا کے بجائے مذاکرات کی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ایران نے آبنائے ہرمز میں 2 چھوٹے بحری جہاز قبضے میں لیکر 50 افراد گرفتار کرلئے، ایرانی میڈیا

کسی بھی جارحیت کا جواب فیصلہ کن اور تباہ کن ہوگا، سربراہ ایرانی مسلح افواج کی امریکہ کو تنبیہ

تہران (جی این ایم) ایران نے آبنائے ہرمز میں جزیرہ قشم اور میناب کے ساحلی پانیوں سے 2 چھوٹے بحری جہاز قبضے میں لے کر 50 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی کی رپورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا

جنسی عنصر کے بغیر شکایت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی. عدالت کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت نے | اسلام آباد ہائیکورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

تاجر اور صنعتکار معاشی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، گورنر

شاہراہوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، شیخ جعفر خان مندوخیل

بزنس کمیونٹی معاشی ترقی اور روزگار کی فراہمی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے سالانہ جنرل باڈی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بزنس کمیونٹی نے ملک اور صوبے کی معاشی ترقی اور روزگار کی فراہمی میں جو کردار ادا کیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی، شاہراہوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جہاں سیاسی مذاکرات (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

تربت، جوسک کے رہائشی نوجوان نے سر میں گولی مار کر خودکشی کرلی

پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ علاقے میں پیش آیا، لاش کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے

تربت (جی این ایم) تربت کے علاقے جوسک کے رہائشی نوجوان عقیل ولد غفور نے مبینہ طور پر خود کو گولی مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ متوفی عقیل (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



کوئٹہ: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز ٹرین سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان اور خیبر پشتونخوا میں فورسز کی کارروائیاں 7 دہشتگرد ہلاک

خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے جب کہ دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد ہوا

بلوچستان ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں بھی سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشتگرد مارے گئے، دہشتگردوں نے نوکچہ میں خالی واٹر باؤزر کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی

راولپنڈی (جی این ایم) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، کئی ٹھکانے تباہ اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

14 اکتوبر کا لانگ مارچ حتمی، حالات کے مطابق فیصلہ کرسکتے ہیں، سینیٹر علی ظفر

حکومت کے پاس اب بھی موقع ہے مذاکرات کا راستہ اپنا سکتی ہے، تاہم اس وقت کوئی بیک ڈور مذاکرات نہیں ہو رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں علی ظفر کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس مختلف پلانز موجود ہیں، ہمیں اپنی جماعت اور کارکنوں کی حفاظت بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ 14 اکتوبر کا لانگ مارچ حتمی ہے لیکن حالات کے مطابق فیصلہ کرسکتے



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جناح پیپلز میٹروٹرین منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

افغانستان میں امن سے خطے میں ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، وزیر اطلاعات

وسطی ایشیائی ریاستیں افغانستان کے راستے گرم پانیوں تک رسائی حاصل کرسکتی ہیں، افغانستان میں دہشت گردوں اور کالعدم تنظیموں کے ارکان کی محفوظ پناہ گاہیں تشویش کا باعث ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغانستان کے قانونی قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں، افغانستان میں امن سے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اسلام آباد میں افغانستان کی صورتحال اور امن کی جانب پیش رفت کے موضوع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان کی صورتحال ایک انتہائی پیچیدہ معاملہ ہے، دیرپا اور پائیدار حل کی ضرورت ہے، پاکستان امن، مذاکرات اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کے مسئلے کے حل کے لئے متعدد اعلیٰ سطحی وفود افغانستان بھیجے، افغانستان کے مسئلے پر استنبول اور دوحہ میں بھی مذاکرات ہوئے، افغان عبوری حکومت کو عسکریت پسندانہ سوچ سے نکل کر ذمہ دار ریاست کی سوچ اپنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو درپیش بیشتر مسائل عسکریت پسندانہ ذہنیت کا نتیجہ ہیں، افغانستان میں تجارت اور علاقائی رابطوں کے فروغ کی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

تمام صنعتوں کو ریلوے وسائل تک مساوی رسائی اولین ترجیح ہے، حنیف عباسی

تقریب میں توقعات سے بڑھ کر لوگوں کی شرکت اور ان کے بھرپور جذبے کا اظہار خوش آئند ہے، وفاقی وزیر ریلوے

اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمت اور طاقت دی ہے اور وہ اپنی بات کا کھل کر اظہار کرتے ہیں، نئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی۔ جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

وزیراعظم کی خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردوں کیخلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

او آئی سی کی مسجد اقصیٰ پر دھاوے کی شدید مذمت، مقدس مقامات کے تحفظ کا مطالبہ

جدہ (جی این ایم) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے مسجدِ اقصیٰ پر دھاوے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مسجد کے تقدس پر کھلا حملہ اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

صحت صرف انتظامی نہیں، قومی سلامتی اور معیشت کا بھی اہم مسئلہ ہے، مصطفیٰ کمال

پاکستان میں بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث ہیلتھ کیئر سسٹم پر دباؤ میں اضافہ ہورہا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے بیماریوں کے علاج کے ساتھ ساتھ ان کی بنیادی وجوہات پر توجہ دینا ہوگی

لائف اسٹائل میڈیسن کو پائیدار بنانا اور اس حوالے سے شعور ہر فرد تک پہنچانا ضروری ہے، وفاقی وزیر صحت کا انٹرنیشنل کانفرنس آف لائف اسٹائل میڈیسن سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ صحت پاکستان کا صرف انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی اور قومی معیشت کا بھی اہم مسئلہ ہے۔ پاکستان میں بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث ہیلتھ کیئر سسٹم پر دباؤ میں اضافہ ہورہا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملہ، 1 فلسطینی شہید، بچوں سمیت متعدد زخمی

غزہ (جی این ایم) غزہ کے مغرب میں واقع النصر میں اسرائیلی ڈرون حملے کے نتیجے میں 1 فلسطینی شہید اور بچوں سمیت (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

حنا جاوید قتل کیس، پنجاب حکومت نے ہائی پاور ڈ کمیٹی تشکیل دیدی

راولپنڈی (جی این ایم) پنجاب حکومت نے حنا جاوید قتل کیس کیلئے ہائی پاور ڈ کمیٹی تشکیل دیدی۔ ذرائع کے مطابق ہائی پاور ڈ کمیٹی وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے تشکیل دی (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز میٹروٹرین سروس کا افتتاح کررہے ہیں

جارحانہ پالیسی برادر ممالک کو پراکسی وار کا جنگ میدان بنادے گا، احمد خان

تزویراتی اور اسٹریٹیجک رشتوں کے بنیاد پر ہر معاملے کا حل ڈاہلاگ سے نکالنے کی کوشش کرے

کوئٹہ (جی این ایم) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ قاہد تحریک صدر احمد خان نے پاکستان اور افغانستان کا ایک دوسرے کی خودمختیاری و سالمیت کی خلاف ورزی سے کشیدگی پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک افغان تنازعے کا واحد حل دونوں ممالک کا ایک دوسرے کی خودمختیاری کی خلاف ورزی سے باز رہنا ہے اور دونوں ہی ممالک عرصہ دراز سے دہشت (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

سعودی حکام نے جازان کے علاقے میں 35 کلوگرام چرس اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

اسمگلنگ کرنے والا غیر ملکی کو حراست میں لیکر قانونی کاروائی کا آغاز کردیا گیا

ریاض (جی این ایم) سعودی حکام نے چرس اسمگلنگ کے الزام میں ایک غیر ملکی کو گرفتار کرلیا ہے جس پر 35 کلوگرام چرس اسمگلنگ کرنے کا الزام ہے۔ سعودی میڈیا کے مطابق جازان کے علاقے کے الدایر سیکٹر میں سرحدی محافظوں کے زمینی گشتی دستوں نے 35 کلوگرام چرس کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ اس بات کی تصدیق کی گئی ہے کہ ابتدائی قانونی کارروائی مکمل کرلی گئی ہے اور ضبط شدہ ممنوعہ سامان متعلقہ حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔ حکام نے شہریوں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز میٹروٹرین سروس کا افتتاح کررہے ہیں

جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو براہ راست فائدہ ہوگا، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ سے سریاب تا کچلاک چلنے والی ٹرین میں 250 مسافروں کی گنجائش ہے، میر سرفراز بگٹی

سروس کو مستونگ اور بوستان تک پھیلانے کا منصوبہ ہے، جناح پیپلز ٹرین کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) جناح پیپلز ٹرین کی افتتاحی تقریب کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر منعقد ہوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے جناح پیپلز ٹرین کا افتتاح کیا۔ دو بوگیوں پر مشتمل ٹرین میں بیک وقت 250 سے زائد مسافر سفر کرسکیں گے اور ٹرین سریاب سے کچلاک تک چلائی جائے گی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان روایتوں کی امین سرزمین ہے اور ہمیشہ پاکستان کے دل کی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان سے ٹرین ہائی جیک کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم حکومت نے ٹرین سروس کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے منصوبے پر پارلیمانی سیکریٹری ریلوے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ اطلاعات کا اجلاس 2 اکتوبر کو طلب کرلیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ اطلاعات کا ایک اہم اجلاس بروز جمعہ، 2 اکتوبر 2026 کو دوپہر ڈھائی بجے (02:30) منعقد ہوگا۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

قومی اسمبلی کا اجلاس یکم اکتوبر کو طلب کرنیکا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے قومی اسمبلی کا اجلاس کل یکم اکتوبر کو شام 5 بجے طلب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

تعلیم کسی بھی معاشرے اور ملک کی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے، عبدالواسع کاکڑ

ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ بچوں کو معیاری اور بہتر تعلیم فراہم کی جائے

لورالائی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ کا ضلع دکی کا اچانک دورہ، تعلیمی اداروں کا معائنہ، طلباء سے سبق سنا اور تینوں تعلیمی دفاتر کا دورہ کرکے تفصیلی بریفنگ لیدی: ڈویژنل ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ نے ضلع دکی کا اچانک دورہ کیا، اس دوران انہوں نے سپرنٹنڈنٹ ملک نجیب اللہ خان کاکڑ کے ہمراہ ضلع دکی کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف سرکاری تعلیمی (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات

ملاقات میں بلوچستان میں پہلی میٹروٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں پہلی میٹروٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے بلوچستان میں پہلی میٹروٹرین سروس کے آغاز پر مسرت کا اظہار (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

پولیس پر تشدد کیس، ایمان مزاری اور انکے شوہر پر فرد جرم کیلئے 6 اکتوبر کی تاریخ مقرر

تھانہ کوہسار میں درج احتجاج کیس میں دونوں ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر نوٹس جاری

اسلام آباد (جی این ایم) ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف پولیس پر تشدد کے کیس میں فرد جرم عائد کرنے کیلئے 6 اکتوبر کی تاریخ مقرر کردی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف پروٹوکول توڑنے اور پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

قطر نے ہمارے موقف سے امریکا کو آگاہ کردیا، اب جواب کا انتظار ہے، عراقچی

ہمارے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے ہماری شرائط واضح ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (جی این ایم) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ پروپیگنڈا شروع ہوگیا ہے، ایران سے کچھ باتیں منسوب کرکے دعوے کئے جارہے ہیں، ہمارے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے ہماری شرائط واضح ہیں، قطر کے ذریعے ایران کا سات نکاتی منصوبہ امریکہ تک پہنچا دیا گیا ہے اور اب ایران امریکی جواب کا انتظار کررہا ہے۔ ایرانی میڈیا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

جوہری ہتھیار رکھنے والا ایران دنیا کو بلیک میل کریگا، مارکو روبیو

برطانوی ایئربیس پر مبینہ بم حملے کی سازش میں غیر ملکیوں کے ملوث ہیں، امریکی وزیر خارجہ کی گفتگو

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے دعویٰ کیا ہے کہ اگر ایران نے جوہری ہتھیار حاصل کرلیا تو ایران دنیا کو بلیک میل کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کی جانوں کو بھی خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو کے دوران مارکو روبیو نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کھلی ہے اور ایرانی تیل کے علاوہ خطے سے گزرنے والے تیل کی مقدار ایران پر امریکی (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

صدر اور وزیراعظم نے حکم دیا تو گورنر راج لگ سکتا ہے، فیصل کریم

آئینِ پاکستان کو نہ ماننے والوں سے کوئی بات نہیں ہوگی، آئین میں گورنر راج نافذ کرنے کا آپشن موجود ہے

پی ٹی آئی لانگ مارچ نہیں کرسکتی، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے چھپ رہے ہیں، جب میدان سجے گا تو پھر بات ہوگی، میڈیا سے گفتگو

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صدر پاکستان اور وزیراعظم نے اگر حکم دیا تو گورنر راج لگ سکتا ہے، جو پاکستان کے آئین کو نہیں مانے گا، اس سے کوئی بات نہیں ہوگی، ہمیں پاکستان اور خیبر پختونخوا میں امن لانا ہے، صوبے کی ترقی کیلئے ہم سب مل کر کام کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ فیصل کریم کنڈی نے تحریک انصاف کو (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

دہشت گردی کے خلاف قومی عزم مزید مضبوط بنایا جائے، عشرت العباد

سابق گورنر سندھ کی دہشت گرد حملے کی مذمت، شہدا کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

کراچی (جی این ایم) سابق گورنر سندھ اور میری پیجان پاکستان کے سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے حالیہ دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ انسانیت، امن اور قومی استحکام کے خلاف کارروائی ہے۔ پوری قوم اپنے بہادر شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

احتجاج سے مقاصد حاصل نہیں ہوسکتے، وفاقی وزیر قانون و انصاف

مذاکرات سے گریز نہیں مگر بات چیت سنجیدہ ہو، عمران خان کی رہائی کا فورم عدالت ہے، اسلام آباد پر چڑھائی اور جلسے جلوسوں سے یہ مسائل حل نہیں ہوں گے

بار کونسلز کے الیکشنز اور وکلا کا نظام ان کا اپنا اندرونی معاملہ، کسی سیاسی رہنما یا حکومت کو اس پر فتویٰ دینے کا کوئی حق حاصل نہیں، وفاقی وزیر قانون کا خطاب، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ احتجاج سے مقاصد حاصل نہیں ہوسکتے، مذاکرات کیلئے پی ٹی آئی کو متعدد بار مواقع فراہم کیے گئے، لیکن اس طرف سے کوئی مناسب جواب نہیں ملا، بانی پی ٹی آئی کی رہائی عدالتی معاملہ ہے، عدالت سے رجوع کرکے رہا کرالیں، عمران خان کا طبی معائنہ مکمل ہوچکا، ان کی ہمشیرہ نے خود تصدیق کی ہے کہ بانی پی ٹی آئی تمام تر لحاظ سے بالکل (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل پر قائمہ کمیٹی کا اجلاس، مائن اونرز اور اسٹیک ہولڈرز سے تجاویز طلب

کان کنوں کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رہیں گے، چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی کی زیر صدارت اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی رکن خیر جان بلوچ، زاہد علی ریکی، صوبائی وزیر برائے معدنیات میر شعیب نوشیروانی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری لاسعید اقبال، ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز عبداللہ شاہوانی، ڈپٹی ڈائریکٹر لا احسان برکت، وسیم احمد اور محکمہ معدنیات کے مائن اونرز نے شرکت کی۔ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

اگر ہماری سکیورٹی یقینی نہ بنائی گئی تو کوئی انفراسٹرکچر محفوظ نہیں رہے گا، باقر قالیباف

تہران (جی این ایم) ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر اور مذاکرات کار باقر قالیباف نے متنبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران اپنا تیل فروخت نہیں کرسکتا تو خطے میں کوئی بھی تیل فروخت (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

محسن نقوی کا خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

صدر اور وزیراعظم نے حکم دیا تو گورنر راج لگ سکتا ہے، فیصل کریم

آئینِ پاکستان کو نہ ماننے والوں سے کوئی بات نہیں ہوگی، آئین میں گورنر راج نافذ کرنے کا آپشن موجود ہے

پی ٹی آئی لانگ مارچ نہیں کرسکتی، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے چھپ رہے ہیں، جب میدان سجے گا تو پھر بات ہوگی، میڈیا سے گفتگو

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صدر پاکستان اور وزیراعظم نے اگر حکم دیا تو گورنر راج لگ سکتا ہے، جو پاکستان کے آئین کو نہیں مانے گا، اس سے کوئی بات نہیں ہوگی، ہمیں پاکستان اور خیبر پختونخوا میں امن لانا ہے، صوبے کی ترقی کیلئے ہم سب مل کر کام کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ فیصل کریم کنڈی نے تحریک انصاف کو (باقی صفحہ 2 نمبر 25)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صدر مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان سید عبدالقیوم آغا کی قیادت میں وفد ملاقات کررہے ہے

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت: 15روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔
موبائل/ 6ٹی وٹس ایپ نمبر 03327865820/03136823996

امریکا 40ہزار بم بطور تحفہ اسرائیل کو دے

امریکی صدر ٹرمپ کے سخت ترین ناقد ٹکر کارلسن نے کہا ہے کہ امریکا نے اسرائیل کو 2ہزار پانڈ کے 40ہزار بم بطور تحفہ دینے کی منظوری دی۔امریکا میں نیشنل پبلک ریڈیو سے بات چیت کرتے ہوئے ٹرمپ کے مشہور ناقد ٹکر کارلسن نے کہا کہ امریکانے اسرائیل کو 2ہزار پانڈ کے 40ہزار بم دینے کی منظوری دی ہے، ان بموں کی تباہ کاری ہیروشیما پر گرائے جانے والے ایٹم بم سے 6 گنا زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بم بھی بطور تحفہ دیئے جارہے ہیں کیوں کہ اس کے لیے رقم بھی امریکا کی استعمال ہوگی جس کی منظوری امریکی کانگریس نے دی ہے۔ ٹکر کارلسن کے مطابق کانگریس کے 4ارکان جو یہ تحفہ دینے میں پیش پیش رہے وہ اسرائیلی لابی کا چندہ حاصل کرنے والوں میں ٹاپ پر ہیں۔امریکی صدر ٹرمپ کے سخت ترین ناقد ٹکر کارلسن نے کہا ہے کہ امریکا نے اسرائیل کو 2ہزار پانڈ کے 40ہزار بم بطور تحفہ دینے کی منظوری دی۔امریکا میں نیشنل پبلک ریڈیو سے بات چیت کرتے ہوئے ٹرمپ کے مشہور ناقد ٹکر کارلسن نے کہا کہ امریکا نے اسرائیل کو 2ہزار پانڈ کے 40ہزار بم دینے کی منظوری دی ہے، ان بموں کی تباہ کاری ہیروشیما پر گرائے جانے والے ایٹم بم سے 6 گنا زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بم بھی بطور تحفہ دیئے جارہے ہیں کیوں کہ اس کے لیے رقم بھی امریکا کی استعمال ہوگی جس کی منظوری امریکی کانگریس نے دی ہے۔



تحریر: عباس مہد

آؤ، پرانے زنگ آلود تالے کھولیں

کائنات کے اس عظیم کارخانے میں انسان کا سفر محض چند مقررہ سانسوں اور معین لمحات کی مہلت ہے۔ ہم اس دنیا نامی سراسر عارضی سرائے میں ایک ایسے مسافر کی مانند داخل ہوتے ہیں جسے ایک نہ ایک دن اپنا تمام تر سامان، رشتے، تعلقات، آرزوئیں اور مان یہیں چھوڑ کر اگلی منزل کی طرف روانہ ہو جانا ہے۔ مگر اس مختصر ترین مسافت کے دوران انسان کا سب سے بڑا امتحان اس کی سوچ، اس کا کردار اور اس کا رویہ بنتا ہے۔ زندگی کے کٹھن اور ناہموار راستوں پر چلتے ہوئے انسان کا سامنا طرح طرح کے نفوس اور رنگ برنگے کرداروں سے ہوتا ہے۔ یہ دنیا ایک ایسا عجیب وغریب معروض ہے جہاں ہر قدم پر گمان بدلتے ہیں، چہرے بے نقاب ہوتے ہیں اور انسان کی خام خیالیوں کا شیشہ ریزہ ریزہ ہو کر حقیقت کا رخ دکھاتا ہے۔ اس سفرِ زیست میں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جنہیں ہم اپنے خلوصِ دل سے دوست کا مخلصانہ درجہ دیتے ہیں، وقت کی دھوپ میں ان کے چہروں سے منافقت کا نقاب اتر جاتا ہے اور وہ دشمن سے بھی زیادہ نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس، بسا اوقات جنہیں ہم غلط فہمی یا ظاہر بینی کی بنا پر اپنا مخالف یا دشمن تصور کر رہے ہوتے ہیں، وقت کا کوئی موڑ ان کی ظرف داری اور سچائی کو ظاہر کر کے انہیں ایک مخلص دوست کے روپ میں سامنے لا کھڑا کرتا ہے۔ زندگی کے ہر موڑ پر اچھے اور برے لوگوں کی ایک پوری کہکشاں موجود ہے۔ کچھ انسان ایسے دلنشین اور باا‌ثر ہوتے ہیں کہ ان سے مل کر لگتا ہے جیسے ہم نے کائنات کا سب سے بڑا اثاثہ اور سکون پا لیا ہو؛ ان کا ساتھ روح کو بالیدگی اور دل کو اطمینان بخشتا ہے۔ لیکن دوسری جانب، کچھ لوگ ایسے زہریلے اور منافقانہ رویوں کے مالک ہوتے ہیں کہ جن کے ساتھ بتایا ہوا وقت زندگی کا سب سے بڑا پچھتاوا اور کبھی نہ بھرنے والا زخم بن جاتا ہے۔ انسان بعد میں سوچتا ہے کہ کاش اس نے اپنی عمرِ عزیز کا وہ حصہ ان بے قدروں کی نذر نہ کیا ہوتا۔ مگر یہاں ایک گہرا اور فکری نقطہ سمجھنے کی ضرورت ہے: کیا ان پچھتاووں اور منافقانہ رویوں کا جواب نفرت کی صورت میں دیا جانا چاہیے؟ ہرگز نہیں۔ کلمۂ حق اور حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ اپنے دل سے بغض، کینہ اور نفرت کا بوجھ اتار پھینکا جائے۔ نفرت دراصل ایک ایسا زہر ہے جسے انسان خود پیتا ہے اور توقع یہ رکھتا ہے کہ دوسرا شخص اس سے متاثر ہو۔ جب کوئی انسان آپ کو زندگی کے کسی مقام پر اکیلا چھوڑ دے، آپ کی قربانیوں کی ندی پار کر کے آپ سے منہ موڑ لے، یا اپنے منافقانہ انداز سے آپ کے خلوص کا تماشا بنائے، تو اس کے لیے نفرت پالنے کے بجائے صرف اپنے دل کا دروازہ خاموشی سے بند کر دیجیے۔ جو شخص جہاں آپ کا ساتھ چھوڑ رہا ہے، اسے وہیں کا احترام دیتے ہوئے اپنی زندگی کا اگلا صفحہ پلٹ دیجیے اور ترقی و سکون کا اگلا دروازہ کھول دیجیے۔ یہ دنیا ایک چھوٹی سی گزرگاہ اور ایک تنگ سا دروازہ ہے جہاں سے ہم سب کو ایک نہ ایک دن گزر کر اس کے خالق کے حضور پیش ہونا ہے۔ جب چند دن کی مہمان سانسیں ہمارے پاس باقی ہیں، تو پھر منافقت، جھوٹے تعلق اور کھوکھلے رشتوں کو سنبھالنے میں اپنی توانائیاں کیوں ضائع کی جائیں؟ کسی منافق، بے وفا یا منہ موڑنے والے شخص کو بدلنے کی لاحاصل کوشش کرنا وقت اور جذبات کا بدترین زیان ہے۔ چاہے وہ آپ کا کتنا ہی پیارا دوست ہو، محبوب ہو، یا زندگی کا کوئی دیرینہ بیلی اگر وہ آپ کے بغیر خوش ہے اور اس نے اپنی دنیا آپ کے بغیر بسا لی ہے، تو اسے اس کے حال پر خوش رہنے دیجیے۔ اس کی خوشی میں آپ کے بغیر خوش ہے اور اس نے آپ سے دوری کا راستہ چن لیا ہے، تو اسے مسکرا کر جانے دیجیے۔ جانے والے کو الوداعی سلام کہیے اور سامنے سے آنے والے نئے راستوں، نئے لوگوں اور امکانات کو "بسم اللہ" کہہ کر خوش آمدید کہیے۔ اس پورے عمل میں سب سے اہم اور بنیادی چیز آپ کی عزتِ نفس ہے۔ انسان کی خودداری اور عزتِ نفس وہ واحد گوہرِ نایاب ہے جس کا سودا کسی بھی رشتے، کسی بھی تعلق اور کسی بھی شخص کی خاطر نہیں کیا جا سکتا۔ کسی کے سامنے التجا کرنا، کسی کے پاؤں پکڑنا، یا کسی کو اپنی زندگی میں زبردستی روکنے کے لیے اپنی انا اور وقار کو مجروح کرنا انسانی شرافت کے منافی ہے۔ جو شخص آپ کی موجودگی کی قدر نہیں کر سکا، وہ آپ کی التجا کی قدر کبھی نہیں کرے گا۔ التجا سے ملا ہوا تعلق صرف تذلیل لاتا ہے، محبت یا احترام نہیں۔ لہٰذا، اگر کوئی آپ کے بغیر خوش ہے اور اس نے اپنی دنیا آپ کے بغیر بسا لی ہے، تو اسے اس کے حال پر خوش رہنے دیجیے۔ اس کی خوشی میں رخنہ ڈالے بغیر اور اپنی عزتِ نفس پر کمپرومائز کیے بغیر اپنے قدم آگے بڑھا دیجیے۔ زندگی رکنے کا نام نہیں ہے، یہ بہتے ہوئے دریا کی مانند آگے بڑھنے کی داستان ہے۔ جو لوگ آپ کی زندگی سے نکل جاتے ہیں، وہ دراصل ایک سبق بن کر آتے ہیں تاکہ آپ کو زیادہ بیدار مغز، صابر اور خوددار انسان بنا سکیں۔ دنیا کے اس مختصر سے اسٹیج پر اپنے کردار کو اتنا شفاف اور باوقار رکھیے کہ جب بھی ماضی کا آفتاب غروب ہو، آپ کا سر فخر سے بلند ہو کہ آپ نے خلوص میں کوئی کمی نہیں کی اور نہ ہی کسی کے سامنے اپنی خودداری کا سودا کیا۔ لہٰذا، نفرتوں کو سلام کیجیے، منافقت سے خود کو دور رکھیے، اپنے اندر کا زہر ختم کیجیے، اور عزتِ نفس کا علم بلند رکھتے ہوئے زندگی کے اگلے موڑ پر اپنا گرم جوشی سے استقبال کرنے والوں کے لیے بسم اللہ کا سفیر بن جائیے۔ یہی جینے کا حقیقی سلیقہ ہے اور یہی اس فانی دنیا کا سب سے بڑا سبق ہے!

☆☆☆☆

قوم کی پہچان وطن عزیز سے

ازقلم:۔ غلام رسول بلوچ

کسی بھی شخص قبیلے کی پہچان اس کے وطن سے ہوتی ہے جب آپ کا ملک مشکل میں ہو۔ امن وامان کی بگڑتی صورتحال، معیشت کی ابتری، کرپشن کا ناسور، سفارشی کلچر، طبقاتی نظام جسٹس پہ عدم اعتمادی ریاستی عملداری کے چیلنج دہشت گردی کے ناسور سیاست میں عدم برداشت کے کلچر کا سامنا کر رہا ہو تو قوم پر زمہ داری بنتی ہے کہ وطن عزیز کے مفادات کی خاطر درست سمتوں کا تعین کر کے اپنے وطن کو ان مشکلات سے نکالیں۔ یہ اندرونی محاذ ہیں جن میں دہشت گردی کا ناسور فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی شکل میں میرے ملک کا ناقابل تلافی نقصان کر رہا ہے۔ وطن عزیز کے قیام میں اپنے اسلاف کی قربانیوں کی قدر کیجئے۔ دشمن قوتوں کے ایجنڈوں، بیانیوں اور پروپیگنڈوں میں آکر اپنے ملک میں انتشار اور فساد سے گریز کریں۔

ایک قوم بن کر ملکی وقار اور سلامتی کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

پاکستان کے قیام سے لیکر آج تک اس ملک کی سلامتی اور تحفظ کے لیے اس ملک کے قوم کے بیٹوں نے سرفروشی کی وہ داستانیں رقم کیں ہیں کہ جنہیں تاریخ سنہرے الفاظ میں یاد رکھے گی۔

آج آزاد فضاؤں میں سانس لیکر اپنے ملک اور اپنے قومی سلامتی کے اداروں بالخصوص افواج پاکستان پر تنقید مت کیجیے۔

یہ ان ہی کی قربانیاں اور شہادتیں ہیں جن کی بدولت پوری قوم سکون سے سانس لیتی ہے۔

ہر ہر مشکل حالات میں آپ کی افواج آپ کے سامنے مسیحا کے روپ میں کھڑی نظر آتی ہے۔ قدرتی آفات ہوں یا دہشت گردی کا ناسور آپ کی افواج اور آپ کے قومی سلامتی کے دیگر ادارے آپ کی پریشانیوں اور مصیبتوں میں ساتھ کھڑے دکھائی دیتے ہیں۔

وہ کیا جھوٹا پروپیگنڈہ اور بیانیہ ہے جو ہمیں ایک قوم بننے کے عمل سے روک کر قوم میں گروہ بندی لشکر کشی اور جتھوں وہجوم کی شکل میں آکر کھڑا ہو جاتا ہے۔ یہ چہرہ متحدہ پاکستان کا چہرہ تو نہیں۔

گروہ ہجوم اور لشکر کی سیاست سے گریز کریں اور ایک قوم بننے کے سفر کا آغاز کریں۔

جب قوم مضبوط ہو گی تو ادارے مضبوط ہونگے۔

آج اس ملک کی کمزور معیشت، دہشت گردی کا ناسور اور سیاسی عدم استحکام پاکستان کی روح کو نچوڑ رہے ہیں۔

پاکستان کے مفادات کو اپنے ذاتی مفادات پر ترجیح دیں اور ملک وقوم قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھیں۔ ہر مکتبہ فکر اور ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد پاکستان سے مخلص ہو کر ایک باوقار قوم کے طور پر اپنی پہچان کو متعارف کروائیں۔

پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے اور وسائل سے مالا مال ملک ہے یہاں کے لوگ بھی اپنی تہذیب اپنی ثقافت اور اپنی روایات سے محبت کرتے ہیں اور اپنی سرزمین سے بھی محبت کرتے ہیں لیکن اس قوم کا واسطہ ایک ایسے دشمن سے پڑا ہے جو ان سب چیزوں سے عاری ہے اور کشمیر پر قابض ہے۔ بھارت جیسا دشمن ملک ریاستی دہشت گردی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور پاکستان میں دہشت گردی کو پروان چڑھا رہا ہے۔ خطےاور پاکستان کے امن کو بھارتی دہشت گردی بطور ریاستی پالیسی سے شدید خطرات لاحق ہیں کسی بھی ملک کی خودمختاری میں مداخلت کر کے بھارت اپنے لیے مشکلات پیدا کر رہا ہے چونکہ پاکستان بھارتی دہشت گرد پالیسیوں اور دہشت گردی کی تنظیموں کی سرپرستی کر کے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کی شکل میں دہشت گردی میں ملوث ہے۔

بھارت کی سازشوں اور اس کے ہمنوا ممالک کی پاکستان کے خلاف بھارتی استعمال کی پاکستان شدید مذمت کرتا ہے اور پاکستان کے خلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

قوم کی پہچان اپنے وطن سے ہے اس پہچان کو مضبوط تر بنائیں۔ قومی زمہ داری کا حق ادا کریں اور پاکستان کی تعمیر وترقی اور خوشحالی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کی حفاظت فرمائے اور قوم کو متحد رکھے آمین

☆☆☆☆

(01)

کا 31دسمبر 2024 کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے صدر مملکت کا حکم بحال کردیا وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ جنسی عنصر کے بغیر شکایت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی، ادارے نامناسب رویے پر سروس رولز کے تحت کارروائی کر سکتے ہیں، ہراسانی قانون کا مقصد کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی سے تحفظ دینا ہے عدالت کے مطابق ہر نامناسب رویہ جنسی ہراسانی نہیں اور ہراسانی قانون کے تحت کارروائی کیلئے جنسی عنصر ضروری ہے عدالت نے کہا کہ ہراسانی ایکٹ کا اطلاق عمومی شکایات پر نہیں ہوتا، صدر مملکت محتسب کے فیصلے کیخلاف نمائندگی سننے کے مجاز ہیں، ہائیکورٹ محدود آئینی بنیادوں پر ہی مداخلت کرسکتی ہے. واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے دو بینک افسران کو برطرف کیا تھا اور صدر مملکت نے برطرفی کی سزا تبدیل کرکے سرزنش بھی کی تھی جب کہ ہائیکورٹ نے صدر کا حکم کالعدم کرکے محتسب کا فیصلہ بحال کیا تھا۔

(02)

میں ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور محنت کی ہے۔ وزیراعظم کہنا تھا کہ پاکستان کے میکرو اکنامک اشاریے مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہیں، معاشی استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ ایک محفوظ مقام تک پہنچنے کے لیے درست سمت میں اپنا کردار جاری رکھیں گے، معاشی ترقی کے لیے وزیرخزانہ اور دیگر حکام کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔

(03)

راہ ہموار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے پارٹی قیادت کو ایک خط لکھا ہے۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ ملک کے دفاع کے لیے تحریک انصاف کو حکومت اور ریاست کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔

(04)

کے مطابق مذکورہ افراد کو ایرانی قوانین کی خلاف ورزی پر گرفتار کیا گیا۔ رپورٹ میں بحری جہازوں کی نوعیت، گرفتار افراد کی قومیت یا کارروائی کے وقت سے متعلق مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ دوسری جانب ایرانی مسلح افواج کے چیف آف سٹاف میجر جنرل علی عبداللہی نے ایک پیغام میں خبردار کیا ہے کہ ایران کی مسلح افواج، اسلامی مزاحمت کے جنگجوں اور مزاحمت کاروں کے ساتھ مل کر، اسلامی امت کے خلاف کسی بھی خطرے کا فیصلہ کن اور تباہ کن جواب دینے کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں۔

(05)

بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے 5دہشتگرد ہلاک ہو گئے جب کہ دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ سکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کردیا۔ دوسری جانب بلوچستان ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں بھی سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2دہشتگرد مارے گئے، دہشتگردوں نے نوکچہ میں خالی واٹر باوزر کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد این 40 شاہراہ کے مختلف مقامات پر آتشزدگی کی کارروائیوں میں بھی ملوث تھے۔ اس کے علاوہ 31 اگست کو بھی اسی نوعیت کی تخریبی کارروائیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے 11دہشتگرد مارے گئے تھے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہےکہ فورسز ملک سے

دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پرعزم ہیں، فورسز کی بلوچستان سے آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

(06)

کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے پاس اب بھی موقع ہے کہ مذاکرات کا راستہ اپنا سکتی ہے، تاہم اس وقت کوئی بیک ڈور مذاکرات نہیں ہو رہے۔ پی ٹی آئی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کو ہٹانے سے متعلق تمام باتیں قیاس آرائیاں ہیں، سہیل آفریدی کے خلاف نہ ہی عدم اعتماد کی تحریک آرہی ہے۔ خیبرپختونخوا کی صورتحال سے متعلق علی ظفر نے کہا کہ گورنر راج لگانے کے لیے مخصوص حالات ہوتے ہیں جو اس وقت موجود نہیں ہیں۔ صوبوں کے معاملے پر علی ظفر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی بھی صوبے بنانے کے حق میں ہیں، تاہم صوبے لسانی بنیادوں پر نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر بننے چاہئیں۔ موجودہ حالات صوبے بنانے کیلئے سازگار نہیں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپنے آئینی حق کیلئے تمام آپشنز اختیار کریں گے، احتجاج، مذاکرات، عدالتی کارروائی اور پارلیمنٹ سمیت ہرفورم استعمال کیا جائے گا۔

(07)

کی ضرورت ہوگی وہاں مذاکرات کیے جایں گے جبکہ جہاں فورسز کی ذمہ داری ہوگی وہاں وہ اپنا کردار ادا کریں گی۔ شاہراہوں کے تحفظ کے معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جاے گی، وہ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کے لیے ہرفورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔

(08)

نے اپنے سر میں گولی مار کر خودکشی کی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کی جانب سے واقعے کے محرکات جاننے کے لیے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

(09)

پرتشدد کیس کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی، جس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کیا گیا۔ دوران سماعت وکیل ریاست علی آزاد اور زینب عدالت میں پیش ہوئے۔ اس موقع پر پروٹوکول توڑنے اور پولیس پر تشدد کے کیس میں چالان کی نقول ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے وکلا کو فراہم کر دی گئیں۔ عدالت کے مطابق آئندہ سماعت پر ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کی جائے گی، جس کیلئے عدالت نے 6اکتوبر کی تاریخ مقرر کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی ہے۔ یاد رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف تھانہ سیکرٹریٹ میں مقدمہ درج ہے۔ دریں اثنا انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف تھانہ کوہسار میں درج احتجاج کے کیس میں عدالت نے دونوں ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر نوٹس جاری کر دیئے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی، جس میں عدالت نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے 5اکتوبر کو دلائل دینے کی ہدایت کردی۔ دوران سماعت شیریں مزار نے کہا کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو رات کو عدالت کھول کر پیش کیا گیا، جس پر جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کہا کہ عدالت رات کو کھلی نہیں بلکہ پہلے سے اپنا کام کر رہی تھی۔ عدالت کو آگاہ کیا گیا کہ ریمانڈ آرہا ہے تو میں بیٹھا رہا۔

(10)

بے پناہ صلاحیت موجود ہے، افغانستان میں امن سے وسطی ایشیا سے پاکستان تک تجارتی راستے کھولنے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وسطی ایشیائی ریاستیں افغانستان کے راستے گرم پانیوں تک رسائی حاصل کرسکتی ہیں، افغانستان میں دہشت گردوں اور کالعدم تنظیموں کے ارکان کی محفوظ پناہ گاہیں تشویش کا باعث ہیں، افغانستان میں پائیدار امن کیلئے عسکریت پسندانہ ذہنیت سے باہر نکلنا ہوگا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ افغان آبادی بڑی تعداد میں نوجوانوں پر مشتمل ہے، افغان خواتین کی بڑی تعداد افرادی قوت کا حصہ نہیں، افغانستان میں آبادی کے بعض طبقات کو معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کے مواقع نہیں مل رہے، افغان عوام کے بعض طبقات کو بنیادی حقوق سے محروم کیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پرامن بقائے باہمی کے لیے خود بھی جیو اور دوسروں کو بھی جینے دو کے اصول کو اپنانا ہوگا، صرف امن ہی خوشحالی کی بنیاد بن سکتا ہے، افغان عوام اور عبوری حکومت کے درمیان بڑا خلا موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان عوام تعلیم، اجتماع، انجمن سازی اور معاشی آزادی سمیت بنیادی حقوق کے مستحق ہیں، افغان عوام کو اپنے مستقبل کے فیصلے میں اپنی آواز اور اختیار ملنا چاہئے، افغان عبوری حکومت کو عسکریت پسندانہ ذہنیت سے نکل کر عوام کی بہتری کے لئے کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ افغانستان میں امن سے پورے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، خطے میں امن سے تجارت کو فروغ اور سرمایہ کاری کو تقویت ملے گی، کراچی اور گوادر تک تجارتی راستہ وسطی ایشیائی ریاستوں کی دیرینہ خواہش ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان امن چاہتا ہے، لیکن امن کی ہماری خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوششوں کا جواب دیا گیا ہے اور دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افغان عوام بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں، افغانستان میں اتفاق رائے پیدا کر کے عوام کو اپنے مستقبل کے انتخاب کا حق دینا ہوگا، علاقائی امن اور تجارت کے فروغ کی خواہش پورے خطے میں موجود ہے، پاکستان افغانستان کے مسئلے کے قابل قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کی حمایت کرتا ہے۔

(11)

کو جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر 32 کلومیٹر فاصلے پرنئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

(12)

کے مطابق نیویارک سے تہران روانگی سے قبل ایرانی وزیرخارجہ نے کہا کہ قطری ثالث کے ذریعے ہونے والی بات چیت میں ایران کا موقف امریکا تک پہنچایا گیا، توقع ہے کہ وائٹ ہاؤس کا جواب ثالثوں کے ذریعے ایران تک پہنچ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مشن امریکی فریق کو ان شرائط سے آگاہ کرنا اور دیگر تمام ممالک اور عالمی برادری کو یہ بتانا تھا کہ ایران کے پاس اس معاملے میں ایک منصوبہ موجود ہے، اس کی شرائط مکمل طور پر منصفانہ اور منطقی ہیں اور اگر امریکی یہ دعوی کرتے ہیں کہ وہ کسی معاہدے یا پرامن حل کے خواہاں ہیں تو ہم نے یہ حل پیش کر دیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران سامنے آنے والی ان قیاس آرائیوں کی بھی تردید کی جن میں کہا جا رہا تھا کہ ایران اپنے جوہری پروگرام میں لچک دکھانے پر آمادہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند گھنٹوں سے مختلف ذرائع ابلاغ میں پروپیگنڈا جاری ہے اور ایران سے متعلق دعوے کیے جا رہے ہیں اور باتیں منسوب کی جا رہی ہیں، میں واضح طور پر کہتا ہوں کہ ایران کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ آبنائے ہرمز کھولنے کے لئے ہماری شرائط واضح ہیں۔ ایرانی وزیرخارجہ کا کہنا ہے کہ پروپیگنڈا شروع ہو گیا ہے، ایران سے کچھ باتیں منسوب کر کے دعوے کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، آبنائے ہرمز کھولنے کے لئے ہماری شرائط واضح ہیں، دیگر مسائل میں بھی ہمارا موقف واضح ہے، کسی لچک کی کوئی بات نہیں ہوئی، ہماری بات بالکل شفاف ہے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ اس وقت موضوع صرف آبنائے ہرمز ہے، آبنائے ہرمز کا کھلنا ان شرائط کی تکمیل پر منحصر ہے جن کا ہم نے اعلان کیا ہے۔ جوہری معاملے میں ایران کے لچک دکھانے سے متعلق سوال پر عباس عراقچی نے جواب دیا کہ جوہری معاملے پر لچک دکھانے کی بات بالکل غلط ہے، اس کی سختی سے تردید کرتا ہوں۔

(13)

اور جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے ہیں۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کامیاب آپریشنز میں حصہ لینے والے سکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اپنے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔

(14)

اور اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے پہلے کی سطح کے تقریباً برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی صورت میں ایران آبنائے ہرمز پر کنٹرول حاصل کر کے ٹیکس عائد کر سکتا ہے اور یہ فیصلہ بھی کر سکتا ہے کہ کس ملک کو توانائی فراہم کی جائے گی اور کسے نہیں، یہ صورت حال ناقابل قبول ایک بڑا خطرہ بن جائے گی۔

(15)

کو مجروح کرنے کے مترادف عمل قرار دیا ہے۔ او آئی سی سیکریٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق اسرائیل کو مقبوضہ فلسطینی علاقوں، بشمول مشرقی یروشلم، اور اسلامی ومسیحی مقدس مقامات پر کسی قسم کی خودمختاری حاصل نہیں۔ او آئی سی سیکریٹریٹ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ مقدس مقامات پر حملے روکنے اور ان کی تاریخی وقانونی حیثیت برقرار رکھنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

(16)

لگائے گئے الزامات بے بنیاد، حقائق کے منافی اور ہتک آمیز ہیں قانونی نوٹس کے مطابق محمد احسن بھون نے پنجاب یونیورسٹی سے مارچ 1989 میں ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی، جو رول نمبر 828 کے تحت جاری کی گئی تھی نوٹس میں پنجاب بار کونسل کے ریکارڈ کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ محمد احسن بھون 19 ستمبر 1989 کو لوئر کورٹس کے ایڈووکیٹ جبکہ 22فروری 1992 کو ہائیکورٹ کے ایڈووکیٹ کے طور پر انرول ہوئے، بعدازاں 19جولائی 2003 کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایڈووکیٹ کے طور پر انرولمنٹ ہوئی ۔ نوٹس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ محمد احسن بھون نے تین دہائیوں سے زائد عرصے تک فوجداری، آئینی، سول، کارپوریٹ، کمرشل، بینکنگ اور دیگر شعبوں میں وکالت کی وہ پنجاب بار کونسل کے رکن اور وائس چیئرمین، پاکستان بار کونسل کے رکن، لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر سمیت مختلف اہم قانونی عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں

(17)

حکام نے عدالت سے استدعا کی کہ واقعے کی سائنسی تفتیش کو آگے بڑھانے اور ملزمان کے ڈی این اے کے نمونے حاصل کرنے کے لیے ان کا جسمانی ریمانڈ دیا جائے، عدالت نے پولیس کے دلائل سننے کے بعد دونوں ملزمان زین اور محسن کا 6روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا اور انہیں تفتیشی ٹیم کے حوالے کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ مبینہ زیادتی کے اس واقعے میں سہولت کاری کے الزام میں پولیس نے ایک اور خاتون مسکان کو گرفتار کر لیا، پولیس نے مسکان کو پوش علاقے سے گرفتار کیا، متاثرہ لڑکی کی جوہر ٹاؤن کے ایک کیفے میں بیٹھنے کی تصاویر سامنے آئی تھیں، متاثرہ لڑکی کیفے میں مسکان کے ساتھ بیٹھی نظر آتی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ متاثرہ غیر ملکی لڑکی کے دونوں موبائل فون تاحال برآمد نہیں ہو سکے، لڑکی جوہر ٹاؤن سے سندر کے علاقے میں نجی ہاسنگ سوسائٹی گئی تھی، واقعے میں دو ملزمان محسن اور علی پہلے ہی گرفتار ہو چکے تھے جن کا جسمانی ریمانڈ بھی منظور ہو چکا جب کہ تیسرے ملزم تنویر کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

(18)

میر لیاقت لہڑی اور پوری ٹیم نے دن رات محنت کی۔ چین سے ٹرین منگوانا مہنگا اور طویل عرصے میں مکمل ہونے والا منصوبہ تھا، اس لیے دستیاب وسائل میں عوام کو سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے یہ اقدام کیا گیا ہے۔ جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔ وزیراعلی نے کہا کہ آئندہ سال تک جناح پیپلز ٹرین کی تعداد ایک سے بڑھ کر دو کر دی جائے گی، جبکہ مستقبل میں اس سروس کو بوستان سے مستونگ تک توسیع دینے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے اور بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ معذور اور بزرگ افراد کے لیے جناح پیپلز ٹرین میں سفر مفت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں اور بلوچستان میں عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ تقریب سے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور دیگر حکام نے بھی خطاب کیا، جبکہ افتتاح کے موقع پر ریلوے حکام، صوبائی وزرا، پارلیمانی اراکین اور دیگر متعلقہ شخصیات موجود تھیں۔

(19)

اداروں کا معائنہ کیا، کلاس رومز کا جائزہ لیا، طلبائسے اسباق سنے اور تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور طلباء کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لیا ڈویژنل ڈائریکٹر نے گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول دکی کا دورہ کرتے ہوئے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلبائسے ان کے نصابی اسباق سنے۔

(20)

نہیں کرسکے گا اور اگر ہماری سکیورٹی یقینی نہ بنائی گئی تو کوئی انفرا اسٹرکچر محفوظ نہیں رہے گا۔ انہوں نے منگل کے روز پارلیمان کے آن لائن منعقد ہونے والے اجلاس کی کارروائی شروع ہونے سے قبل خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی عوام کو محاصرے اور دھمکیوں سے کبھی خوف زدہ نہیں ہونا چاہیے۔ قالیباف نے کہا کہ اگر امریکہ اس بنیادی حقیقت کو نہ سمجھے تو وہ ایرانی قوم کی جانب سے بار بار سخت جواب ملنے کے چکر میں پھنسا رہے گا۔ اس سے قبل پارلیمان کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے کہا تھا کہ ایران 40روزہ جنگ سے بھی زیادہ سخت جنگ کا جواب دینے کے لئے تیار ہے۔

(21)

بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت اور مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا ہے۔ انہوں نے خیبرپختونخوا کے قبائلی ضلع خیبر کے علاقے باڑہ میں 5 اور بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں 2 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ خوارجی دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی مسلسل اور کامیاب کارروائیوں کو پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر جوان اور افسران ہمارا فخر ہیں اور پوری قوم کو اپنے محافظوں پر ناز ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان شااللہ عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

(22)

کیا۔ وفاقی وزیر ریلویز نے میٹرو ٹرین سروس کے آغاز پر وزیراعلیٰ بلوچستان کو مبارکباد پیش کی۔ وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے کہا کہ بلوچستان میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کے حوالے سے ملک کے دیگر صوبوں سے سبقت لے گیا ہے۔ بلوچستان حکومت کی کمٹمنٹ اور عوامی سہولت کے اس منصوبے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میٹرو ٹرین سروس کے آغاز میں تعاون پر وزارت ریلویز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جناح میٹرو ٹرین سروس بلوچستان میں جدید اور بااعتماد سفری سہولت کے نئے دور کا آغاز ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ الحمدللہ بلوچستان میں عوامی سفری سہولیات کے فروغ کا اہم منصوبہ مکمل ہوا ہے۔ جناح میٹرو ٹرین سروس سے شہریوں کو جدید، محفوظ اور بااعتماد سفری سہولت میسر آئے گی۔

(23)

صحتمند اور تندرست ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں نیشنل فرانزک ایجنسی لیبارٹری کے دورے کے موقع پر تقریب سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر قانون نے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ ملک کے سینئر ترین ڈاکٹرز پر مشتمل بورڈ نے کیا، جس میں یہ طے کرنا تھا کہ ان کی زندگی کو کوئی خطرہ تو لاحق نہیں، عمران خان کی ہمشیرہ جو خود اس میڈیکل بورڈ کے عمل کا حصہ تھیں، انہوں نے خود میڈیا پر آ کر کہا کہ بانی پی ٹی آئی تندرست اور صحتمند ہیں، اگر اب بھی کوئی قانونی کمی بیشی ہے تو وہ معاملہ عدالتوں نے دیکھنا ہے، اسلام آباد پر چڑھائی اور جلسے جلوسوں سے یہ مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اعظم نذیر نے کہا کہ اسلام آباد پر بار بار چڑھائی کی گئی، محفوظ پاکستان کیلئے محفوظ دارالحکومت ضروری ہے، پی ٹی آئی کے ماضی کے دھرنوں سے سب واقف ہیں، آپ نے دیکھا کہ مئی 2023 میں کیا ہوا اور نومبر 2024 میں کیا ہوا؟ یہ بتا دیں جو ماضی میں ہوا کیا وہ ٹھیک تھا؟ وزیر قانون نے عام شہریوں سے سوال کیا کہ شہری خود بتائیں کہ تحریک انصاف نے جس طرح بار بار دارالحکومت اور پنجاب پر چڑھائی کی، کیا وہ طریقہ درست تھا؟ اگر تحریکِ انصاف کا یہ رویہ ٹھیک ہے تو پھر حکومت کو بھی پرے بیٹھ جانا چاہیے، ملک میں ایک آئینی، قانونی اور عدالتی میکنزم موجود ہے، پارلیمنٹ میں قانون سازی پر سیر حاصل بحث ہوتی ہے، حکومت سنجیدہ گفتگو اور مذاکرات سے کبھی منکر نہیں رہی لیکن قیدیوں کی رہائی کے فیصلے عدالتوں سے ہوتے ہیں، شہروں کو یرغمال بنا کر اپنے مطالبات نہیں منوائے جا سکتے۔ انہوں نے کہا پاکستان دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بڑی پیشرفت ہوئی ہے۔ وکلا ڈگریوں اور بار کونسل کے الیکشنز کے تنازع پر بات کرتے ہوئے وزیر قانون نے سخت موقف اپنایا اور کہا کہ بار کونسلز کے الیکشنز اور وکلا کا نظام ان کا اپنا اندرونی معاملہ ہے، کسی سیاسی رہنما یا حکومت کو اس پر فتوی دینے کا کوئی حق حاصل نہیں، رہی بات ڈگریوں کی تو 2020 میں میرے سمیت تمام وکلا کی ڈگریاں پاکستان بار کونسل سے تصدیق شدہ ہیں اور ان کا تمام ریکارڈ موجود ہے، جن لوگوں کے پاس ادھوری معلومات ہیں وہ جا کر ریکارڈ دیکھ لیں اور جنہوں نے غلط الزامات لگائے ہیں وہ یا تو معافی مانگیں یا پھر قانون کے مطابق جرمانہ ادا کریں۔

(24)

میں بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مذکورہ بل کے حوالے سے اس سے قبل بھی دو اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جبکہ گزشتہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ بل کی مزید شقوں پر محکمہ قانون، مائن اونرز اور متعلقہ محکمے باہمی مشاورت سے غور کریں گے اور اپنی تجاویز کمیٹی کے سامنے پیش کریں گے۔

(25)

لانگ مارچ کرنے کا چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ نہیں کر سکتی، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے چھپ رہے ہیں، جب میدان سجے گا تو پھر بات ہوگی۔ گورنر خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ یہ صرف میڈیا پر بڑھکیں مارتے ہیں، یہ چھپنے کے لیے گرفتاریاں دے رہے ہیں، عوام ان کے ساتھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کو کنٹرول کیا جائے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو نہیں چھوڑا جائے گا، خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کو کنٹرول کرنا پی ٹی آئی کے بس کی بات نہیں۔ صوبے میں دہشتگردی ہو رہی ہے، ہم لاشیں اٹھا رہے ہیں، تمام سیاسی جماعتوں کو صوبے کے حوالے سے تحفظات ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ڈی آئی خان میں افسوسناک واقعہ پیش آیا، دہشتگردی افغانستان سے آ رہی ہے، پی ٹی آئی نے کبھی مذمت نہیں کی، ڈرون حملوں کے خلاف اسمبلی میں قرارداد پیش ہوتی ہے، جوانوں کی شہادتوں کے خلاف کبھی قرارداد دیکھی؟ افغانستان بھارت اور اسرائیل کا سہولت کار بنا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی ترقی کیلئے ہم سب مل کر کام کریں گے، چیف منسٹر اتنا کمزور ہے کہتا ہے کہ میرے پاس اختیار نہیں، تو استعفیٰ دینا چاہیے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آئین میں گورنر راج نافذ کرنے کا آپشن موجود ہے۔

(26)

جائیں گی۔ انہوں نے شہدا کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد مکمل صحت یابی نصیب ہو۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ قوم اپنے شہدا کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دے گی اور ملک میں امن، استحکام اور ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں، سکیورٹی فورسز اور امدادی ٹیموں کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور ملکی سلامتی کیلئے ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔

(27)

کی تاریخ اور وقت کو حتمی شکل دے دی گئی ۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ قومی اسمبلی کا اجلاس اتحادی جماعتوں کی مشاورت سے طلب کیا جارہا ہے، جبکہ ایوان کی کارروائی کا باقاعدہ ایجنڈا بعد میں جاری کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس کیدوران وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان ملاقات کا بھی امکان ہے، اجلاس میں قانون سازی کے لئے مختلف بلز ایوان میں پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹس، آرڈیننسز اور دیگر دستاویزات بھی ایوان میں پیش کی جائیں گی، اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی صورتحال پر بھی بحث متوقع ہے۔

(28)

محکمہ اطلاعات سے متعلق امور، ترقیاتی اسکیموں اور محکمانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا، جبکہ متعلقہ حکام کو اجلاس میں شرکت کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

(29)

سے اپیل کی ہے کہ منشیات کے فروخت کرنے والوں کے خلاف اطلاع متعلقہ حکام کو دیں، تاکہ ان کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ حکام نے اس بات کا اعادہ کیا کہ سعودی سرزمین کو منشیات سے پاک کرسعودی فورسز کی اولین ترجیح ہے، جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔

(30)

گردی کی لپیٹ میں ہیں دونوں ممالک تزویراتی اور اسٹریٹیجک رشتوں کے بنیاد پر ہر معاملے کا حل ڈاہلاگ سے نکالنے کی کوشش کرے حالات کو اس نہج تک لے جانے کہ ایک دوسرے پر بمباری کا سلسلہ جاری رہنا خارجہ پالیسیوں کی ناکامی کا نتیجہ قرار دیتے ہوے قابل مذمت اقدار قرار دیدیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تشویشناک امر یہ ہے کہ بارڈر کے دونوں اطراف ایک ہی قوم بستی ہے جنگ کی صورت میں خمیازہ بھی اسی قوم نے بھگتنا ہے اس لئے دونوں ممالک ایک دوسرے کے جغرافیائی حدود میں مداخلت سے باز رہے اور پاکستانی پشتون قبائل پاکستان کو اپنا ملک اور افغانستان کو گھر سمجھتے ہیں اس لئے اگر کوئی بارڈر کے آر پار پشتون افغان قوم کو دست وگریبان کرنے کی کوشش کرتا ہیں تو یہ انکی خام خیالی ہے انہوں نے کہا کہ کشیدگی یا خدانخواستہ جنگ کی صورت میں بارڈر کے آر پار پشتون افغان ہی متاثر ہوگی انہوں نے کہا کہ متحدہ پشتونستان ایک متنازع ٹریٹری ہے اسکو ایک اور کشمیر بنانے کیلئے کئی بار پراکسی وار کے ذریعے پاکستان اور افغانستان کے درمیان بھائی چارگی کے تعلقات پر تیل چھڑکنے کی کوشش کی گئی ہے اور حالیہ کشیدگی بھی پراکسیز کی منافقانہ مزموم مقاصد کی ایک زندہ مثال ہے دونوں برادر ہمسایہ ممالک دہشت گردی انتہاپسندی جیسے ناسور کا شکار ہیں جسکی وجہ سے دونوں پہلے ہی سے ایک نہ ختم ہونے والے چیلنج سے برسرپیکار ہیں ایسے میں اگر ان برادر ممالک کی کشیدگی بڑھے گی تو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دونوں کو ناکامی کا سامنا ہوگا آ محمد خان نے کہا کہ پاک افغان جارحانہ پالیسی خطے کو پراکسی وار کا جنگ میدان بنا دے گی۔ کشیدگی سے متحدہ پشتونستان ایک اور کشمیر کا روپ دھار لیگا۔ پاکستان وطن تو افغانستان ہمارا گھر ہے دونوں میں بھائی چارگی اور آمن کے خواہاں ہے دونوں ممالک ایک دوسرے کی خودمختیاری کی خلاف ورزی سے بازرہنے کی کوشش کرے۔

(31)

ہے، جس کی سربراہی ڈی جی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ کمیٹی میں ڈی آئی جی لاہور شعیب خرم اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن راولپنڈی سیف اللہ شامل ہیں جبکہ ہائی پاورڈ کمیٹی حنا جاوید قتل کیس کی تفتیش کا ازسرنو جائزہ لے گی اور سہیل ظفر چٹھہ کی سربراہی میں رواں ہفتے راولپنڈی کا دورہ کرے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اعلیٰ سطح کی کمیٹی جائے وقوعہ کا دورہ کرے گی اور اب تک کی تفتیش کا جائزہ لے گی، حنا جاوید قتل کیس کی فارنزک نمونوں کی رپورٹس بھی راولپنڈی پولیس نے وصول کر لی ہیں۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ فارنزک رپورٹس میں پوسٹ مارٹم رپورٹ کی حتمی رپورٹ بھی شامل ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے بنائی گئی ہائی پاورڈ کمیٹی نے حنا جاوید کے اہلخانہ سے رابطہ کر لیا ہے۔ خیال رہے کہ حنا جاوید کو 21اگست کو ان کے گھر میں بہیمانہ طریقے سے قتل کیا گیا تھا، قتل کیس میں مقتولہ کا شوہر فیصل اصغر اور گھریلو ملازم ذیشان ارشد جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل میں ہے۔ مقتولہ کے اہلخانہ نے راولپنڈی پولیس کی تفتیش پر تحفظات کا اظہار کیا ہے، حنا کے اہلخانہ نے پارلیمنٹ کی کاکس کمیٹی اور قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو بھی خطوط لکھے ہیں۔

(32)

متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی ڈرون نے ایک رہائشی اپارٹمنٹ کو نشانہ بنایا۔ الشفا اسپتال کے ذرائع نے حملے میں 1 فلسطینی کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق کی ہے۔ حملے کے بعد سامنے آنے والی فوٹیج میں طبی امدادی کارکنوں کو شدید زخمی بچوں کا علاج کرتے دیکھا گیا ہے۔

(33)

بیماریوں کے علاج کے ساتھ ساتھ ان کی بنیادی وجوہات پر توجہ دینا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انٹرنیشنل کانفرنس آف لائف اسٹائل میڈیسن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ صرف مزید اسپتال اور ڈاکٹرز بنانا بڑھتی ہوئی بیماریوں کے مسئلے کا مستقل حل نہیں۔ بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو کم کرنے کے لیے احتیاط، بیماریوں سے بچا اور صحت کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ لائف اسٹائل میڈیسن کو پائیدار بنانا اور اس حوالے سے شعور ہر فرد تک پہنچانا ضروری ہے۔ لائف اسٹائل میڈیسن کے مضمون کو فروغ دینے کے لیے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) میں اقدامات کیے گئے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ پی ایم ڈی سی میں لائف اسٹائل میڈیسن کے کورس کی شمولیت اور اس حوالے سے کمیٹی کی تشکیل کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث مستقبل میں صحت کی سہولیات کی ضروریات مزید بڑھیں گی۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ہر بیماری کے لیے مزید اسپتال، ڈاکٹرز اور طبی عملہ فراہم کرنا ممکن نہیں، اس لیے بیماریوں کی روک تھام اور صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ کووڈ وبا نے ثابت کیا کہ ایک وقت میں بڑی تعداد میں لوگوں کے بیمار ہونے سے بڑے ممالک کے صحت کے نظام بھی دبا کا شکار ہو جاتے ہیں۔ پاکستان میں بھی مختلف بیماریوں کے باعث بڑی تعداد میں لوگ بیک وقت اسپتالوں کا رخ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے نمٹنے کے لیے بیماریوں کی وجوہات پر توجہ دینا ہوگی اور صحت کے فروغ، احتیاطی تدابیر اور بیماریوں سے بچا کو قومی صحت کے نظام کا اہم حصہ بنانا ہوگا۔

(34)

کا 31دسمبر 2024 کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے صدر مملکت کا حکم بحال کردیا وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ جنسی عنصر کے بغیر شکایت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی، ادارے نامناسب رویے پر سروس رولز کے تحت کارروائی کر سکتے ہیں، ہراسانی قانون کا مقصد کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی سے تحفظ دینا ہے عدالت کے مطابق ہر نامناسب رویہ جنسی ہراسانی نہیں اور ہراسانی قانون کے تحت کارروائی کیلئے جنسی عنصر ضروری ہے عدالت نے کہا کہ ہراسانی ایکٹ کا اطلاق عموی شکایات پر نہیں ہوتا، صدر مملکت محتسب کے فیصلے کیخلاف نمائندگی سننے کے مجاز ہیں، ہائیکورٹ محدود آئینی بنیادوں پر ہی مداخلت کرسکتی ہے. واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے دو بینک افسران کو برطرف کیا تھا اور صدر مملکت نے برطرفی کی سزا تبدیل کرکے سرزنش بھی کی تھی جب کہ ہائیکورٹ نے صدر کا حکم کالعدم کرکے محتسب کا فیصلہ بحال کیا تھا۔

(35)

میں ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور محنت کی ہے۔ وزیراعظم کہنا تھا کہ پاکستان کے میکرو اکنامک اشاریے مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہیں، معاشی استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ ایک محفوظ مقام تک پہنچنے کے لیے درست سمت میں اپنا کردار جاری رکھیں گے، معاشی ترقی کے لیے وزیرخزانہ اور دیگر حکام کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ راہ ہموار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

(01)

گوشوارے جمع کرانے پر بھاری جرمانے عائد ہوں گے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق یکم اکتوبر سے ملک میں لیٹ فائلر کی کیٹگری ختم ہوکر نان فائلر رہ جائے گی جبکہ نان فائلر کے لئے انکم ٹیکس گوشواروں پر لیٹ پیمنٹ کئی گنا ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یکم اکتوبر سے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے پر لیٹ کی بجائے نان فائلر کا جرمانہ لگے گا انفرادی گوشوارہ جمع نہ کرانے پر جرمانہ 1000 روپے کی بجائے 25 ہزار روپے تک پہنچ جائے گا، اسی طرح یکم اکتوبر سے لیٹ فائلر ایسوسی ایشن آف پرسن سے جرمانہ 10 ہزار کی بجائے 50 ہزار روپے جبکہ لیٹ فائلر کمپنی کا جرمانہ 20 ہزار روپے کی بجائے ایک لاکھ روپے وصول کیا جائے گا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق تاجر برادری کے لیے بھی سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹریشن کیلئے آج 30 ستمبر آخری موقع ہے آسان ٹیکس اسکیم کے تحت ریٹرن جمع کرانے کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد بھاری جرمانے عائد ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آسان ٹیکس اسکیم کے بعد گوشوارہ جمع کرانے پر پہلے مہینے میں دس ہزار جرمانہ عائد ہوگا، اسی طرح مقررہ تاریخ کے بعد دوسرے مہینے میں 25 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا جبکہ تیسرے مہینے میں 50 ہزار جرمانہ عائد ہوگا۔

(02)

وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

(03)

نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹیچنگ ہسپتال سبی منتقل کیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جارہی ہے۔ زخمیوں میں اللہ داد ولد امداد سکنہ شکار پور، شفیق ولد ایوب سکنہ شکار پور، گلاب ولد مرید خان سکنہ کوئٹہ، نعمت خان ولد ظاہر احمد سکنہ کوئٹہ، ولی محمد ولد محمد اشرف سکنہ کوئٹہ جبکہ دو نامعلوم افراد شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثہ مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان ٹکر کے باعث پیش آیا، تاہم حادثے کی مزید وجوہات معلوم کی جارہی ہیں۔

(04)

شاہوانی، ڈپٹی ڈائریکٹر لاء احسان برکت، وسیم احمد اور محکمہ معدنیات کے مائن اونرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مذکورہ بل کے حوالے سے اس سے قبل بھی دو اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جبکہ گزشتہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ بل کی مزید شقوں پر محکمہ قانون، مائن اونرز اور متعلقہ محکمے باہمی مشاورت سے غور کریں گے اور اپنی تجاویز کمیٹی کے سامنے پیش کریں گے۔ اجلاس کے دوران اس امر پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ صوبے میں کان کنی کے شعبے میں صحت، حفاظت اور ریسکیو سے متعلق قانونی امور طویل عرصے سے مائنز ایکٹ 1923 کے تحت چلائے جارہے ہیں، جبکہ جدید دور میں کان کنی کے طریقہ کار، مشینری، پیشہ ورانہ صحت و سلامتی، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور موثر نگرانی کے تقاضے تبدیل ہو چکے ہیں۔

(05)

آئی ایم ایف مشن کے ساتھ کک آف اجلاس میں شرکت کی، جس میں آئی ایم ایف مشن کی سربراہی آئیوا پیٹروا نے کی، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ای ایف ایف کے چوتھے جائزے پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن سے آر ایس ایف کے تیسرے جائزے پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی، معاشی ٹیم نے آئی ایم ایف وفد کو ملکی معاشی واقتصادی صورتحال پر بریفنگ دی، وزیر خزانہ نے معاشی استحکام اور اصلاحات پر حکومت کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس کے دوران آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مقررہ اہداف اور اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جبکہ پاکستان کی معاشی کارکردگی، مالیاتی امور اور اصلاحاتی اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں آئی ایم ایف پروگرام کے اہداف کے حصول اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا، معیشت کے استحکام، محصولات میں بہتری اور مالیاتی نظم و ضبط سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف مشن پاکستان کے معاشی و مالیاتی اقدامات پر حکام سے بات چیت جاری رکھے گا۔

(06)

کا کہنا ہے کہ دھماکے کے سبب قریبی ٹیوب ویلوں کی تقریبا 250 سولر پلیٹس بھی ناکارہ ہوگئیں، واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

(07)

طیاروں نے منگل کو تین فضائی حملے کیے۔ ایک مقامی ذریعے نے بتایا کہ سعودی طیاروں نے سحار ضلع کو تین فضائی حملوں کا نشانہ بنایا۔ یحییٰ سریع کے مطابق ان حملوں میں خمیس مشیط اور طائف کے اڈوں سے اڑنے والے ایف 15- اور ٹائفون طیاروں نے حصہ لیا، جبکہ نجران اور جیزان سے میزائل حملے کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ کشیدگی میں اضافے کے آغاز سے اب تک سعودی حملوں اور میزائل حملوں کی مجموعی تعداد 1123 ہوگئی ہے۔ دوسری جانب یمن کی سرکاری فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثی ملیشیا پر حملوں میں 5 حوثی باغی ہلاک اور 13 زخمی ہوئے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق یمنی فوج نے حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں پر زمینی اور فضائی حملے جاری ہیں، سرکاری فوج نے تعز، مارب اور الحدیدہ پر ڈرون طیاروں سے بمباری کی۔ یمنی فوج کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ڈرونز سے الجوف کے علاقے میں حوثیوں کی گاڑیوں اور اجتماعات کو نشانہ بنایا۔ گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران حوثی ملیشیا کے خلاف 756 حملے کیے گئے، حملوں کے نتیجے میں 2 ہزار 316 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک یا زخمی کیا۔

(08)

کے بچے سوار تھے، اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر تمام بچوں کو نکال لیا، زخمی بچوں کو فوری طبی امداد کے بعد سول اسپتال مری منتقل کردیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ ریسکیو فائر فائٹنگ ٹیم نے گاڑی میں لگی آگ پر قابو پا لیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے مطابق حادثے میں بچے جھلس کر زخمی ہوئے ہیں، چار بچوں کو ہولی فیملی اسپتال راولپنڈی منتقل کردیا گیا ہے تاہم ان کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق وین میں بیٹری کے اسپارکنگ کے باعث آگ لگی، گاڑی میں آگ بجھانے والا آلہ موجود نہیں تھا، سوزوکی کیری میں نشستوں کی گنجائش 8 بالغ یا 10 بچوں کی تھی۔ جبکہ گاڑی میں 11 بچے سوار تھے۔ دوسری جانب مری میں اسکول وین حادثے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹ کے حفاظتی معیار کو سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈی پی او مری رضا تنویر نے سی ٹی او مری کو ٹریفک انفورسمنٹ مزید بڑھانے اور اسکول وینز اور پبلک ٹرانسپورٹ کی خصوصی چیکنگ کی ہدایت کی ہے۔ اس کے علاوہ ڈی پی او مری نے اوورلوڈنگ، غیر محفوظ سلنڈرز، فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس کی جانچ کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ غیر محفوظ پبلک ٹرانسپورٹ کے خلاف کارروائی ہوگی، ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیورز گاڑیوں حفاظتی تقاضے مکمل کریں۔

(09)

قریب نشانہ بنایا۔ مسلح حملے میں 3 طالبان ارکان ہلاک جبکہ 2 زخمی ہوئے۔ حملے میں تنظیم کے کسی جنگجو کو نقصان نہیں پہنچا، کارروائی کے بعد جنگجو محفوظ مقام پر منتقل ہوگئے۔

(10)

فوری طور پر مقامی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں کی جانب سے اسے ضروری طبی امداد دی گئی اور ابتدائی علاج کے بعد فارغ کر دیا گیا۔ دوسری جانب آزاد ذرائع کا کہنا ہے کہ تکیہ خان چیک پوسٹ کی عمارت منہدم ہونے سے پولیس اہلکار اسلم نندوانی زخمی ہوئے، جنہیں ان کے ورثا خود اسپتال لے کر گئے۔ پولیس کے مطابق واقعے کے حوالے سے حسب روایات مزید تفتیش اور تحقیقات کا عمل جاری ہے۔

(11)

ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ دوسری کارروائی میں گرمکان روڈ، ضلع پنجگور کے قریب ایک گاڑی سے 48 کلوگرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دالبندین، ضلع چاغی کے قریب جھاڑیوں میں چھپائی گئی 40 کلوگرام افیون بھی برآمد کی گئی۔ اے این ایف کے مطابق تمام کارروائیوں کے مقدمات انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت درج کرلیے گئے ہیں جبکہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

(12)

کے جواب میں سامنے آیا ہے۔ تاہم کینیڈا سے مزید جوابی کارروائی کی توقع نہیں ہے کیونکہ کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے اس ماہ کے شروع میں کہا تھا کہ درآمدی پابندیوں سے کینیڈا کی معیشت پر جو اثر پڑے گا وہ "معمولی" ہے۔ دوسری جانب امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریر نے حال ہی میں سی این بی سی کو بتایا کہ تجارتی بات چیت منجمد ہے تاہم صدر ڈونلڈ ٹرمپ کینیڈا کے ساتھ اپنے موجودہ تعلقات سے مطمئن ہیں۔ گریر نے گزشتہ ہفتے امریکی نیٹ ورک کے ساتھ ایک انٹرویو میں کینیڈا کے ساتھ تعلقات کے بارے میں کہا کہ وہ ہمیں وقتا فوقتا کال کرتے ہیں اور ہم ممکنہ سودوں کے بارے میں اچھی بات چیت کرتے ہیں۔

(13)

ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، نرسنگ اسٹاف، ہسپتال کے دیگر ملازمین اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ واک کے شرکا نے ہاتھوں میں آگاہی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر دل کے امراض سے بچاؤ، صحت مند عادات اپنانے اور بیماری کی بروقت تشخیص سے متعلق پیغامات درج تھے۔ شرکا نے ہسپتال سے واک کا آغاز کیا اور مختلف راستوں سے گزرتے ہوئے شہریوں کو دل کی صحت کے حوالے سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا پیغام دیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ دل کے امراض دنیا بھر میں صحت کے اہم مسائل میں شامل ہیں، تاہم روزمرہ زندگی میں صحت مند عادات اپنا کر ان کے خطرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متوازن اور سادہ غذا کا استعمال، باقاعدہ ورزش، جسمانی سرگرمیوں کو معمول کا حصہ بنانا، وزن کو متوازن رکھنا، تمباکو نوشی سے مکمل اجتناب اور بلڈ پریشر وشوگر کی باقاعدگی سے جانچ دل کی صحت کے لیے نہایت اہم ہے۔ مقررین نے کہا کہ شہری سینے میں درد، سانس لینے میں دشواری، غیر معمولی تھکن اور دیگر تشویشناک علامات کی صورت میں غفلت کے بجائے فوری طور پر مستند ڈاکٹرز سے رجوع کریں، کیونکہ بروقت تشخیص اور علاج سے پیچیدگیوں سے بچا ممکن ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ اپنی اور اپنے اہل خانہ کی صحت کے حوالے سے احتیاطی تدابیر کو معمول کا حصہ بنائیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز جمالی اور دیگر شرکا نے ورلڈ ہارٹ ڈے کے حوالے سے منعقدہ آگاہی سرگرمی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے عوام میں بیماریوں سے بچاؤ اور صحت کے اصولوں سے متعلق شعور اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ واک کے اختتام پر دل کی صحت، صحت مند طرز زندگی اور بیماریوں کی بروقت تشخیص کے لیے عوامی آگاہی کا پیغام عام کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

(14)

کا ٹائر راڈ ٹوٹنے کی وجہ سے پیش آیا، جس کے بعد گاڑی بے قابو ہوکر گاں محمد ابراہیم کے قریب کھائی میں جا گری۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر قریبی سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد دی گئی۔ اسپتال ذرائع کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے افراد میں سے دو کی حالت تشویشناک ہونے پر انہیں مزید علاج کے لیے سندھ کے شہر لاڑکانہ اسپتال ریفر کردیا گیا ہے، جبکہ دیگر زخمیوں کو اسپتال میں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

(15)

امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان نے خلیجی ملک کے دورے پر آنے والے اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو سے ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا۔ اماراتی سرکاری خبر ایجنسی کے ذریعے متحدہ عرب امارات نے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے دورے کی باضابطہ تصدیق کی۔ اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر کے مطابق نیتن یاہو نے اماراتی صدر کی دعوت پر متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا، یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے اور علاقائی چیلنجز پر مرکوز تھا۔ تین سینئر اسرائیلی حکام نے بتایا کہ یہ ملاقات تقریباً چھ گھنٹے جاری رہی اور اس میں ایران پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس سال کے آغاز میں متحدہ عرب امارات نے اس بات کی تردید کی تھی کہ شیخ محمد نے نیتن یاہو سے ملاقات کی ہے، یہ تردید اس وقت سامنے آئی تھی جب اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر نے مئی میں کہا تھا کہ نیتن یاہو نے خفیہ طور پر خلیجی ملک کا دورہ کیا اور صدر سے ملاقات کی۔ ملاقات سے واقف ذرائع نے اس وقت بتایا تھا کہ نیتن یاہو اور شیخ محمد کی ملاقات 26 مارچ کو العین میں ہوئی تھی۔

(16)

مجبوری نہیں ہے، بلکہ ہمارے لئے آسان ہوجائے گا، ورکر جب ہمیں کہتے کہ کسی ٹرانسفر پوسٹنگ نہیں ہوتی تو ہمارے لئے احتجاج کرنا آسان ہوجائے گا۔ ہمارے لئے آسان ہوجائے گا، کافی چیزیں جو ہم کرنا چاہتے ہیں اور صوبائی حکومت کی مجبوریوں کی وجہ سے نہیں کرسکتے، پھر احتجاج کرنا ہمارے لئے آسان ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے بھی اپنی حکومتیں خود گرائی تھیں، اقتدار جانے کا مسئلہ ان کو ہوسکتا ہے کیونکہ یہ لوگ اقتدار سے کماتے ہیں ان کا کچن چلتا ہے۔ جنید اکبر کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت نے گورنر راج یا ایمرجنسی لگائی تو عوام بھرپور ردعمل دے گی، ہمیں خیبر پختونخوا کی حکومت کسی کی خواہش پر نہیں ملی، وفاقی حکومت میں پی ٹی آئی کی حکومت گرانے کی ہمت ہی نہیں ہے، اگر ان کی ہمت ہوتی تو یہ سہیل آفریدی کو وزیر اعلی ہی نہیں بننے دیتے۔

(17)

میونسپل کمیٹی کی ٹیم کی جانب سے مختلف علاقوں اور گلیوں میں سیوریج لائنوں، نالیوں اور نکاسی آب کے موجودہ نظام کا جائزہ لیا جارہا ہے، جبکہ شہریوں کو درپیش مسائل اور ضروری تعمیر ومرمت کے کاموں کی نشاندہی بھی کی جارہی ہے، تاکہ دستیاب بلدیاتی وسائل کو ترجیحات کے مطابق استعمال کرتے ہوئے سیوریج کے نظام کو مزید موثر بنایا جاسکے، اس موقع پر میر زین اللہ خان جمالی، میر زیشان خان جمالی اور سوشل ورکر نور محمد جمالی بھی موجود تھے چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے سینئر صحافی فرید احمد قمبرانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گنداخہ شہر میں سیوریج نظام کی بحالی اور نکاسی آب کے نظام میں بہتری ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شہریوں کو نکاسی آب کے مسائل سے نجات دلانے اور انہیں بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی سہولیات کی فراہمی، شہر کی صفائی ستھرائی، نکاسی آب کے نظام میں بہتری اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی ان کے وژن کا حصہ ہے۔ میونسپل کمیٹی گنداخہ کے بلدیاتی فنڈز کو عوامی مفاد کے منصوبوں پر خرچ کیا جارہا ہے اور شہر کے مختلف علاقوں میں ضروری ترقیاتی وتعمیراتی کاموں کو مرحلہ وار مکمل کیا جائے گا، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے مزید کہا کہ گنداخہ شہر کی خوبصورتی، صفائی اور شہری سہولیات میں بہتری کیلئے میونسپل کمیٹی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کیلئے کوشاں ہے، جبکہ شہریوں کو درپیش مسائل کے ازالے کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

(18)

جاری رکھے گا۔ جمہوریہ چیک قومی دن کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے خطے میں امن کے فروغ کے لیے مسلسل کوششیں کی ہیں اور دنیا بھر میں استحکام کے لیے کردار ادا کرنے کے عزم پر قائم ہے۔ انہوں نے 2021ء میں پاکستان اور جمہوریہ چیک کے درمیان دفاعی صنعتی اور لاجسٹکس تعاون کے معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان موجودہ فریم ورک کو بروئے کار لاتے ہوئے عالمی استحکام میں اپنا کردار ادا کرنے اور نوجوان نسل کے لیے امن وامید کو فروغ دینے کی کوشش کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا نیٹ سکیورٹی پرووائیڈر کی بات کرتی رہی ہے جبکہ پاکستان نے خود کو نیٹ پیس پرووائیڈر بنانے کا عزم کیا ہے۔ مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل امن کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں اور ملک علاقائی و عالمی استحکام میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے کوششیں جاری رکھے گا۔ پاکستان اور جمہوریہ چیک کے دیرینہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے روابط پاکستان کے قیام سے قبل کے ہیں اور ان میں تجارتی، تکنیکی، تعلیمی اور دفاعی شعبوں میں تعاون شامل ہے۔ انہوں نے پاکستان میں باٹا کی موجودگی اور بٹاپور کے قیام کو دونوں ممالک کے دیرینہ تجارتی تعلقات کی مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کمپنی آج بھی پاکستان بھر میں وسیع پیمانے پر معروف ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر توانائی کی حیثیت سے اپنے دور میں انہوں نے دیکھا کہ چیک ٹیکنالوجی بشمول ٹربائنز اور مشینری، پاکستان کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں استعمال ہوئی جس میں منگلا کے منصوبے بھی شامل ہیں۔ مصدق ملک نے تعلیمی تعاون کو بھی اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ سینکڑوں پاکستانی طلبہ چیک یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم ہیں جہاں انہیں جدید ٹیکنالوجیز، کاروباری ماڈلز اور بین الاقوامی طریقہ کار سے آگاہی حاصل کرنے کے مواقع مل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریہ چیک پاکستانی طلبہ کو بین الاقوامی تجربہ حاصل کرنے اور ایسی مہارتیں فروغ دینے کے مواقع فراہم کرتا ہے جو انہیں عالمی شہری بننے میں مدد دے سکتی ہیں۔ وفاقی وزیر نے تقریب میں شرکت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے جمہوریہ چیک کیثقافتی ورثے اور پراگ کی تاریخی خوبصورتی کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان اور جمہوریہ چیک کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور ایسے شعبوں میں تعاون وسعت دینے کی خواہش کا اعادہ کیا جو امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ میں معاون ثابت ہوں۔

(19)

دہانے پر پہنچ سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے یو این ایچ سی آر کے مطابق امریکا اور دیگر ممالک کی جانب سے امداد میں کٹوتیوں کے باعث 2024 اور 2025 کے دوران ادارے کی مالی معاونت میں 24 فیصد کمی ہوئی ہے۔ رواں سال جولائی تک یو این ایچ سی آر کو 2026 کے لیے درکار 8.505 ارب ڈالرز میں سے صرف 32 فیصد فنڈز موصول ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں جبری بے گھری اور پناہ گزینی کا شکار افراد کی تعداد سال کے اختتام تک 131.2 ملین تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔

(20)

نے شرکت کی۔ اس موقع پر علم وادب سے وابستہ حلقوں نے لائبریری فیز ٹو کے قیام اور افتتاح کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کا شکریہ ادا کیا۔ مقررین نے کہا کہ لائبریری کا قیام چمن میں مطالعے، تحقیق، علم وادب کے فروغ اور نوجوان نسل کو مثبت وتعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جدید سہولیات سے آراستہ لائبریریاں کسی بھی معاشرے میں علمی وفکری ترقی کی بنیاد ہوتی ہیں، جبکہ قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو چمن کے طلبہ، نوجوانوں، ادیبوں اور محققین کے لیے ایک اہم علمی مرکز ثابت ہوگی۔ تقریب کے شرکاء نے علم وادب کے فروغ کے لیے ایسے اقدامات کو جاری رکھنے اور نوجوان نسل کو مطالعے کے بہتر مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

(21)

کہ سیلاب اور بارشوں کی وجہ سے مختلف حادثات میں اب تک 23 افراد ہلاک ہوچکے ہیں جن میں سے 4 افراد کا تعلق بنکاک سے ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنکاک کے مختلف علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی تھی جس کے کچھ حصوں میں پانی کی نکاسی تاحال نہ ہوسکی، اسکول دوسرے روز بھی بند رہے اور سڑکوں، نشیبی علاقوں میں پانی کھڑا رہنے کے باعث معمولات زندگی متاثر ہے۔

(22)

یو نے ڈپٹی کمشنر کو جاری منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی اور مختلف سڑکوں پر ہونے والے کام کی پیش رفت اور تعمیراتی معیار سے آگاہ کیا۔ سب ڈویژنل آفیسران نادر علی پہنور اور اصغر علی چنہ بھی اس موقع پر موجود تھے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے روپا شاخ تا گوٹھ ہیرک رند، روپا شاخ تا گوٹھ اللہ ڈتہ اور عبدالمالک رند تا گوٹھ غلام محمد مگسی سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال دریافت کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا بھی جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں مقررہ تعمیراتی معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اور کام کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جاری منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائی جائے تاکہ تعمیراتی کام میں تاخیر نہ ہو اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے وریندر لعل نے مزید کہا کہ عوامی مفاد سے وابستہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں انجام دیں۔

(23)

کررکھا ہے، گیس سبسڈی کو کھپت کے بجائے آمدنی سے منسلک کرنے کی تجویز ہے۔ گیس پر ریلیف حاصل کرنے کے لیے گھریلو آمدنی معیار بنے گی۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے صارفین کی مالی معاونت کی جائے گی۔ موجودہ نظام میں کم استعمال کرنے والے صارفین انتہائی کم نرخ پر گیس حاصل کررہے ہیں، پروٹیکٹڈ صارفین 200 سے 350 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو تک گیس استعمال کررہے ہیں۔ کراس سبسڈی ختم کرنے کیلئے بجٹ میں 162 ارب روپے مختص کیے جائیں گے۔ نئی پالیسی لاگو ہونے سے گھریلو صارفین کے نرخوں میں نمایاں اضافہ متوقع ہے جبکہ صنعتی اور تجارتی شعبے کیلئے گیس نرخوں میں نمایاں کمی کا امکان ہے۔

(24)

شدید خوف وہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی متعلقہ حکام اور سکیورٹی اداروں نے موقع پر پہنچ کر علاقے کا جائزہ لیا اور واقعے سے متعلق شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کردیا۔ دھماکے کی نوعیت اور اس کے محرکات کا تعین تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی ہوسکے گا۔

(25)

نافذ کرنے والے اہلکاروں کی جرات و بہادری پر فخر ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موثر حکمت عملی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی: صدر مملکت نے پاکستان نے عالمی امن کے قیام اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنے ہزاروں بہادر سپوتوں اور بیٹیوں کی قربانیاں دی ہیں، پاکستانی قوم اور بہادر مسلح افواج کی بدولت پاکستان، خطے اور دنیا میں امن و استحکام کے دشمنوں کی کوششوں کو ناکام بنانے کا عزم اور صلاحیت موجود ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دوست ممالک اور اتحادیوں کے تعاون سے امن و استحکام کے دشمنوں کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا

(26)

تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کرنل ماجد نے ہندو برادری کے معززین اور فیسٹیول منتظمین کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہنگلاج ماتا یاترا اور نوراتری فیسٹیول میں ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے زائرین کی جان ومال کے تحفظ کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیسٹیول میں شرکت کے لیے آنے والے زائرین کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنا ترجیح ہے اور بھرپور کوشش کی جائے گی کہ کسی بھی زائر کو دوران یاترا کسی قسم کی تکلیف یا مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے فیسٹیول کے دوران سکیورٹی اور دیگر ضروری انتظامات کو بہتر بنانے کے لیے ہندو برادری کے نمائندوں سے بھی تعاون جاری رکھنے کا کہا۔ دورے کے موقع پر کونسلر میونسپل کمیٹی وندر و ہنگلاج ماتا ویلفیئر اینڈ ڈیولپمنٹ سوسائٹی ورکنگ کمیٹی کے رکن نریش کمار، کرشن لال لاسی، دولت رام، مہاراج سروپ سمیت ہندو برادری کے دیگر معززین بھی موجود تھے۔ ہندو برادری کے رہنماں نے کرنل ماجد کی لیاری آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے موقع پر زائرین کی حفاظت اور سہولت کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ہندو برادری کے معززین نے کہا کہ مذہبی تہوار کے موقع پر زائرین کے تحفظ اور سہولت کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل قدر ہیں جبکہ مختلف مذاہب کے درمیان باہمی احترام بھائی چارے اور تعاون کا فروغ معاشرے میں امن وہم آہنگی کے قیام میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

(27)

پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کے معاشی اشاریے اوپر جارہے ہیں، پاکستان سرمایہ کاری کے لیے موزوں جگہ ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور طارق فاطمی بھی وزیر اعظم کے ہمراہ موجود تھے۔ اس سے پہلے وزیر اعظم نے لندن اسٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور کاروبار کے آغاز کی روایتی تقریب میں شرکت کی۔ برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان بھی وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ تھے۔

(28)

کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO عبدالجلیل سومرو نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دوران سنیپ چیکنگ ناکہ کھار کچھ کے مقام سے پولیس تھانہ فورٹ ڈسٹرکٹ حیدرآباد سندھ کے مقدمہ نمبر 12/2022 بجرم 337/A ق د، 506-354-147- 148-149 ت پ میں مطلوب اشتہاری مجرم سیو اولد تھرل سکنہ پاڑو باگڑی بازار بالا تحصیل ہالا ڈسٹرکٹ مٹیاری سندھ کو کامیابی سے گرفتار کیا۔ اشتہاری مجرم کی گرفتاری کے متعلق تھانہ فورٹ ڈسٹرکٹ حیدرآباد سندھ کو آگاہ کیا گیا ہے۔ تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد ملزم کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے سندھ پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔

(29)

کی خصوصی ہدایات پر اوتھل چیک پوسٹ پر مسافر گاڑیوں کی سخت نگرانی اور تلاشی کا سلسلہ جاری تھا۔ اسی دوران کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو مسافر کوچز کو روک کر تلاشی لی گئی تو ان میں انتہائی نایاب اور قیمتی نسل کے 61 باز چھپائے جانے کا انکشاف ہوا۔ کوسٹ گارڈز کے مطابق برآمد کیے گئے باز بغیر کسی قانونی اجازت کے اسمگل کیے جارہے تھے اور انہیں حب وکراچی کے راستے بیرون ملک منتقل کرنے کی کوشش کی جارہی تھی۔ برآمد شدہ بازوں کی بین الاقوامی مارکیٹ میں مالیت کروڑوں روپے بتائی گئی ہے۔ کارروائی کے بعد پاکستان کوسٹ گارڈز کے کیپٹن محمد عظیم کی قیادت میں کوسٹ گارڈز کے اہلکاروں اور محکمہ جنگلات وجنگلی حیات لسبیلہ کے حکام نے مشترکہ طور پر تمام 61 بازوں کو تحویل میں لے کر ان کی صحت کا جائزہ لیا، جس کے بعد انہیں صحت مند حالت میں قدرتی ماحول میں آزاد کردیا گیا۔ اس موقع پر محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے حکام نے پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ نایاب پرندوں اور جنگلی حیات کا تحفظ قومی ذمہ داری ہے۔ غیر قانونی شکار اور جنگلی حیات کی اسمگلنگ کے خلاف موثر کارروائیاں قدرتی ماحول کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جنگلی حیات کی غیر قانونی خرید وفروخت، شکار اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

(30)

میں پارٹی کی تنظیمی صورتحال، کارکنوں سے رابطوں اور پارٹی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ضلع صحبت پور میں پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنوں سے رابطہ کاری کا جائزہ لیتے ہوئے تنظیمی ڈھانچے کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق امور پر مشاورت کی گئی رہنماں نے کارکنوں کو درپیش مسائل متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنے، مقامی سطح پر پارٹی پروگرامز کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے اور تنظیمی سرگرمیوں میں مزید بہتری لانے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا ملاقات میں آئندہ کی سیاسی وتنظیمی سرگرمیوں، پارٹی پروگرامز اور کارکنوں سے رابطوں کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ پارٹی امور سے متعلق دیگر اہم معاملات زیر بحث آئے۔ اس موقع پر تنظیمی سرگرمیوں کو مزید موثر بنانے اور باہمی رابطے و مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

(31)

انہوں نے کہا ہے کہ اب جنگ کو آٹھواں ماہ شروع ہوچکا ہے اور اس کی قیمت امریکی عوام اور امریکی فوجی ادا کررہے ہیں۔ شومر نے کہا کہ گزشتہ ہفتے سینیٹ کے ری پبلکن ارکان کے پاس تنازع ختم کرنے کے لیے ووٹنگ کا موقع تھا، تاہم انہوں نے جنگ جاری رکھنے کے حق میں ووٹ دیا۔ انہوں نے ری پبلکن ارکان کو اس معاملے میں شریک جرم قرار دے دیا۔

(32)

افتتاحی تقریب میں صوبائی و وفاقی حکام، سیاسی شخصیات، ریلوے حکام اور شہریوں نے شرکت کی۔ جناح پیپلز ٹرین سریاب اور کچلاک کے درمیان 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک پر چلائی جائے گی، جس کے لیے شہریوں کی سہولت کے پیش نظر 7 اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں۔ دو بوگیوں پر مشتمل ٹرین میں بیک وقت 198 مسافروں کے بیٹھنے جبکہ 30 مسافروں کے کھڑے ہوکر سفر کرنے کی گنجائش ہے۔ ٹرین سروس کا مقصد کچلاک، سریاب اور ملحقہ علاقوں سے کوئٹہ شہر آنے جانے والے طلبہ، ملازمین، مزدوروں، کاروباری افراد اور عام شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرنا ہے، جبکہ اس سے شہر کی مصروف شاہراہوں پر ٹریفک کے دباو میں بھی کمی لانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان روایتوں کی امین سرزمین ہے اور حکومت نے عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکریٹری لیاقت لہڑی اور پوری ٹیم نے جناح پیپلز ٹرین منصوبے کے لیے دن رات محنت کی۔ چین سے ٹرین منگوانا مہنگا اور تاخیر سے شروع ہونے والا منصوبہ تھا، اس لیے صوبے میں دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کے لیے سفری سہولت کا آغاز کیا گیا۔ وزیر اعلی بلوچستان کا کہنا تھا کہ جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو فائدہ ہوگا اور مستقبل میں اس سروس کو بوستان سے مستونگ تک توسیع دینے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے اور بلوچستان کو ترقی دیں گے۔ بلوچستان ہمیشہ پاکستان کے دل کی حیثیت رکھتا ہے اور ایسے منصوبے صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ معذور اور بزرگ شہری جناح پیپلز ٹرین میں مفت سفر کرسکیں گے۔ وزیر اعلی بلوچستان نے امن وامان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، تاہم اگر کوئی بندوق اٹھائے گا تو اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کے معاملے میں ملک کے دیگر صوبوں سے آگے نکل گیا ہے۔ بلوچستان کی یہ کامیابی ان لوگوں کے لیے جواب ہے جو بلوچستان کو پاکستان کا ماتھے کا جھومر قرار دیتے ہیں۔ حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کا ریلوے نظام تاریخی اور خوبصورت ہے، ملک کے کسی دوسرے صوبے میں اس نوعیت کا ریلوے نظام موجود نہیں۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ 120 روز میں اسی طرز کی ایک اور ٹرین چلائی جائے۔ ان کے مطابق ایم ایل ون منصوبے کا آغاز جنوری میں ہوگا اور یہ منصوبہ تقریبا 2 ارب ڈالر مالیت کا ہے۔ جناح پیپلز ٹرین سروس کے لیے کرایہ 50 سے 100 روپے تک تجویز کیا گیا ہے، جس سے روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کو کم اخراجات میں باقاعدہ سفری سہولت میسر آئے گی۔ سروس سے کچلاک، سریاب اور اطراف کے علاقوں سے روزانہ کوئٹہ آنے والے طلبہ، سرکاری ونجی ملازمین، مزدوروں، کاروباری افراد اور عام شہریوں کے سفری اخراجات اور وقت میں بچت متوقع ہے۔ گرین اور پنک بس سروس کے بعد جناح پیپلز ٹرین سروس کوئٹہ کے پبلک ٹرانسپورٹ نظام میں ایک اور اہم منصوبہ قرار دیا جارہا ہے۔

(33)

ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں فاطمہ مہاجرانی نے کہا کہ امریکی حکام نے ایک بار پھر نئی ڈیڈ لائن مقرر کی ہے مگر اس مرتبہ ایرانی معیشت کیلئے۔ ایران اپنے عوام پر بھروسہ کرتے ہوئے تعمیر، استقامت اور اپنے حقوق کے دفاع کا عمل جاری رکھے گا۔ نئی ڈیڈ لائن کا اعلان کرنے سے پہلے اپنی پیش گوئیوں کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ دیکھ لیں۔ ایرانی حکومت کی ترجمان کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تازہ دعوے کے ردعمل میں سامنے آیا ہے، جنھوں نے ایک بار پھر ایران کو تباہ کرنے اور ایران کے ساتھ جنگ کے جلد خاتمے کی بات کی ہے۔

(34)

اور ایک کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 167.1 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ٹنڈو جام میں حیدرآباد یونیورسٹی کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے ایک کلوگرام آئس برآمد ہوئی، راولپنڈی کے ایک کوریئر آفس میں نیوزی لینڈ جانے والے پارسل سے ویسٹ کوٹ میں جذب 1.9 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ شاہراہ فیصل کراچی پر واقع کوریئر آفس میں برطانیہ جانے والے پارسل میں جوتوں سے 4.2 کلوگرام آئس برآمد ہوئی۔ سرنان، ضلع پشین کے قریب ٹرک میں سیب کی پیٹیوں میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس اور 12 کلوگرام آئس برآمد کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ گرمکان روڈ، ضلع پنجگور کے قریب گاڑی سے 48 کلوگرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ دالبندین، ضلع چاغی کے قریب جھاڑیوں سے 40 کلوگرام افیون برآمد ہوئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیوں کے مقدمات انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

(35)

بڑھا کر 40 کروڑ روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں درمیانے کاروباروں کیلئے سالانہ ٹرن اوور کی حد 40 کروڑ روپے سے بڑھا کر 2 ارب روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق ایس ایم ایز کے لئے تجویز کردہ حدود اسٹیٹ بینک کی حالیہ تبدیلیوں سے ہم آہنگ ہیں۔

(36)

جبکہ پڑوسی صوبے قنیطرہ میں ایک سڑک پر چیک پوسٹ قائم کی۔ شام کے سرکاری میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوجی گاڑیوں نے جنوبی شام کے علاقوں میں داخل ہوکر رہائشی گھروں کی تلاشی لی۔ قنیطرہ میں عین النوریہ اور خان ارنابہ کے درمیان سڑک پر چوکی قائم کیے جانے کی اطلاع ہے۔ اس سے ایک روز قبل بھی اسرائیلی فورسز نے قنیطرہ اور درعا کے دیہی علاقوں میں متعدد فوجی گاڑیوں کے ساتھ کارروائیاں کی تھیں۔ اقوام متحدہ کی شام سے متعلق تحقیقاتی کمیٹی نے رواں ماہ کہا تھا کہ جنوبی شام میں اسرائیلی زمینی دراندازیاں، چھاپے، تلاشی اور عارضی چوکیوں کا قیام مسلسل جاری ہے۔ اسرائیل کا موقف ہے کہ اس کی موجودگی سرحدی سلامتی کے لیے ضروری ہے، جبکہ شام اور اقوام متحدہ نے اسے شام کی خودمختاری اور 1974 کے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔

(37)

مطابق حکام کا کہنا ہے کہ آگ 25 ستمبر کو ضلع زیارت کے علاقے کلی وام سرانہ کے پہاڑی سلسلے میں لگی۔ یہ علاقہ فیلہ غرک کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہاں کے جنگلات سرکاری ملکیت ہیں۔ ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے پہلے دن بتایا کہ تقریبا دو ایکڑ رقبہ متاثر ہوا ہے۔ بعد میں محکمہ جنگلات نے سیٹلائٹ تصاویر کی مدد سے اندازہ لگایا کہ متاثرہ رقبہ 70 ایکڑ سے زیادہ ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ داخلہ اور دیگر حکام کو ایک مراسلہ بھی لکھا جس کے مطابق محکمہ جنگلات کا عملہ فوراً موقع پر بھیجا گیا تھا لیکن علاقے میں 30 سے 40 مسلح دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاعات ملیں جس پر انتظامیہ نے عملے کی جانوں کے تحفظ کے لیے اسے واپس بلالیا۔ ضلعی انتظامیہ کی درخواست پر بلوچستان حکومت نے پاک فوج سے مدد مانگی ہے۔ حکومت نے فوج سے ہیلی کاپٹر یا فضائی معاونت فراہم کرنے کی درخواست کی ہے تاہم سرکاری ذرائع کے مطابق فضائی کارروائی بھی تاحال شروع نہیں ہو سکی۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ جنگلات لورالائی ڈویژن کے کنزرویٹر محمد امین مینگل نے بتایا کہ آگ کے دو الگ واقعات پیش آئے ہیں۔ پہلی آگ تین روز پہلے لگی۔ وہ دوسرے دن خود بجھ گئی دوسری آگ اتوار کو اسی جگہ کے قریب لگی۔ ان کے مطابق یہ نسبتاً زیادہ شدید ہے۔ امین مینگل کا کہنا ہے کہ دونوں واقعات میں متاثرہ رقبے کا درست اندازہ اب تک نہیں لگایا جا سکا۔ ان کے مطابق 27 ستمبر کی سیٹلائٹ تصاویر میں 70 ایکڑ سے زیادہ رقبہ متاثر دکھایا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان جنگلات میں ہزاروں سال پرانے درخت ہیں۔ ان کے اندازے کے مطابق سینکڑوں درخت جل چکے ہیں۔ تاہم درست تعداد موقع کا جائزہ لینے کے بعد ہی معلوم ہو سکے گی۔ امین مینگل نے بتایا کہ محکمہ جنگلات کے پاس ہیلی کاپٹر یا ڈرون جیسی کوئی جدید سہولت نہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ عملہ مقامی لوگوں کے ساتھ مل کر پیدل دشوار گزار پہاڑوں تک پہنچتا ہے۔ اوزار اور پانی خود اٹھا کر یا گدھوں اور خچروں پر لاد کر اوپر لے جایا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ جنگلات نے حالیہ عرصے میں ڈرون حاصل کرنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن اس کے لیے این او سی نہیں مل سکا۔ ان کا کہنا تھا کہ زیارت اور قریبی اضلاع سے محکمہ جنگلات کے اہلکار اور مقامی رضا کار بڑی تعداد میں آگ بجھانے کو تیار ہیں لیکن سکیورٹی خطرات کے باعث ضلعی انتظامیہ نے انہیں متاثرہ علاقے میں جانے سے روک رکھا ہے۔ امین مینگل نے بتایا کہ پہلے دن بھی ٹیمیں روانہ ہوئی تھیں۔ انہیں یہ کہہ کر روک دیا گیا کہ سکیورٹی کلیئرنس نہیں ملی۔ ضلعی انتظامیہ، ایف سی، پولیس اور پی ڈی ایم اے سے رابطہ جاری ہے۔ کلیئرنس ملتے ہی ٹیمیں پولیس اور ایف سی کی سکیورٹی میں روانہ ہوں گی۔

(38)

کے مستقبل کے سودوں کی قیمت 1.49 ڈالر یا 1.4 فیصد اضافے کے بعد 106.77 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ اسی طرح امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت بھی 1.34 ڈالر یا 1.5 فیصد بڑھ کر 93.94 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئی۔ رپورٹ کے مطابق خطے سے خام تیل کی برآمدات میں بحالی کے کچھ اشارے سامنے آئے ہیں، تاہم امریکا ایران تنازع اور آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل سے متعلق غیر یقینی صورتحال نے مارکیٹ پر دباؤ برقرار رکھا ہوا ہے۔ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کے لیے ایک اہم بحری راستہ ہے، اس لیے وہاں پیدا ہونے والی رکاوٹیں عالمی تیل کی قیمتوں پر براہ راست اثر ڈال سکتی ہیں۔

(39)

غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے یہ بات چائنا انٹرنیشنل کنفیوشس کلچر فیسٹیول کے موقع پر اپنے ویڈیو پیغام میں کہی۔ یہ فیسٹیول چین کے تاریخی شہر توفو میں منعقد ہوا، جو عظیم مفکر اور فلسفی کنفیوشس کی آبائی شہر ہے۔ اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے فیسٹیول میں شریک شرکا، دانشوروں اور معزز مہمانوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم وتعلیم، دوستی، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ پاکستان اور چین کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 2026 میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہو رہے ہیں جو دونوں ممالک کی لازوال آہنی بھائی چارے پر مبنی دوستی وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوئی ہے اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ تعلیم، ثقافتی تبادلے اور عوامی روابط پاکستان اور چین کے عوام کو ایک دوسرے کے مزید قریب لانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے پاکستانی جامعات میں قائم کنفیوشس انسٹی ٹیوٹس کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارے چینی زبان اور ثقافت کے فروغ اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان باہمی فہم وآگاہی بڑھانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کو ایک دوسرے سے سیکھنے کے مزید مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ادب، تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی اور ثقافت کے شعبوں میں روابط اور تبادلوں کو مزید فروغ دیا جانا چاہیے، تاکہ دونوں عظیم تہذیبیں خیالات، علم اور انسانی فہم وادراک کے ذریعے ایک دوسرے سے مزید قریب آسکیں۔ چیئرمین سینیٹ نے امید ظاہر کی کہ یہ فیسٹیول پاکستان اور چین کے عوام کے درمیان باہمی افہام وتفہیم کو مزید فروغ دینے اور دونوں اقوام کو قریب لانے میں معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دیرپا پل صرف پتھر اور فولاد سے نہیں بلکہ علم، دوستی اور انسانی دلوں سے بھی تعمیر ہوتے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے فیسٹیول کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان اور چین کی دیرینہ اور مثالی دوستی کے عزم کا اعادہ کیا۔

(40)

ہوگیا جبکہ دوسرا فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ پولیس ذرائع کے مطابق زخمی اہلکاروں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر فرار ہونے والے مبینہ حملہ آور کی تلاش شروع کردی۔ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات اور حملے میں ملوث عناصر کی شناخت کے لیے کارروائی جاری ہے۔

(41)

میں ہلچل مچائے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق نوشکی شہر میں داخل ہونے والے مسلح افراد نے ایک بینک کے سامنے فائرنگ کی اور فائرنگ کرکے وہاں نصب سکیورٹی کیمرا کو ناکارہ بنا دیا۔ اس کے علاوہ بازار کے مصروف ترین مقام طارق چوک پر مسلح افراد کی جانب سے ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں سے مبینہ طور پر اسلحہ چھیننے کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں۔ واقعات کے بعد شہر بھر میں شدید خوف وہراس پھیل گیا ہے، تاہم متعلقہ انتظامیہ اور سکیورٹی اداروں کی جانب سے صورتحال پر قابو پانے اور مسلح افراد کی تلاش کے حوالے سے مزید تفصیلات کا انتظار کیا جارہا ہے۔

(42)

سربراہی آئیوا پیٹروا نے کی، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ای ایف ایف کے چوتھے جائزے پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن سے آر ایس ایف کے تیسرے جائزے پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی، معاشی ٹیم نے آئی ایم ایف وفد کو ملکی معاشی واقتصادی صورتحال پر بریفنگ دی، وزیر خزانہ نے معاشی استحکام اور اصلاحات پر حکومت کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔

(43)

انتہائی خراب ہے اور انہیں فوری طبی امداد کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے مغویوں کے ساتھ ان کا کوئی رابطہ نہیں ہوسکا ہے۔ دوسری جانب جہاز کے سیکنڈ آفیسر نے بتایا ہے کہ بحری قزاق جہاز کو دوبارہ اسی جگہ واپس لے جارہے ہیں جہاں سے وہ اسے اغوا کر کے لائے تھے۔ اہل خانہ نے اپیل کی ہے کہ حکومت اس معاملے میں فوری مداخلت کرے تاکہ یرغمالیوں کو بحفاظت وطن واپس لایا جا سکے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال پاکستانی کی ایک اور ویڈیو سامنے آئی تھی جس میں یرغمالی یاسر خان کا کہنا تھا کہ وہ بحری جہاز کے ٹینک کا گندا پیلا پانی پینے پر مجبور ہیں، 24 گھنٹے میں ایک بار ابلے ہوئے چاول دیے جاتے ہیں۔ یرغمالی یاسر خان نے صدر مملکت، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل سے اپیل کی تھی کہ ان کی مدد کی جائے ورنہ وہ زیادہ دن نہیں رہ پائیں گے۔ یاسر خان نے کہا تھا کہ شپنگ کمپنی بحری قزاقوں سے کوئی بات نہیں کررہی۔

(44)

عبوری چالان منظور کرتے ہوئے تینوں مقدمات ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت منتقل کردیے۔ عبوری چالان میں ملزمہ انمول عرف پنکی اور اس کے 3 ساتھیوں عمر، فہد حسین اور ویس بیگ کو گرفتار ظاہر کیا گیا ہے۔ چالان کے مطابق ملزمہ انمول عرف پنکی شہر میں منشیات کا بڑا نیٹ ورک چلا رہی تھی جبکہ گرفتار دیگر ملزمان اس کے سہولت کار تھے۔

(45)

ضمانت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سفارتخانہ پاکستان واشنگٹن ڈی سی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں مسئلہ کشمیر پر پاکستان کا مقف واضح الفاظ میں عالمی برادری کے سامنے پیش کیا جو قابل تحسین ہے۔ جنرل اسمبلی کے حالیہ اجلاس کے دوران او آئی سی رابطہ گروپ میں شامل رکن ممالک نے بھی مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے مقف کی بھرپور تائید کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے جس کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن وسلامتی کا حصول مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل سے ہی ممکن ہے جو کشمیریوں کے حق خودارادیت کے عین مطابق ہو۔ رانا قاسم نون کا کہنا تھا کہ معرکہ حق میں پاکستان کی شاندار کامیابی نے دنیا کے سامنے مسئلہ کشمیر کی اہمیت مزید اجاگر کی جس نے جنوبی ایشیا کو ایٹمی جنگ کے دھانے پر لا کھڑا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے 81 ویں سیشن میں شرکت کے بعد واشنگٹن دورے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مسئلہ کشمیر کے دیرپا اور پائیدار حل کی جانب مبذول کرانا ہے۔ اس موقع پر امریکہ میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر گزشتہ آٹھ دہائیوں سے بھارتی ظلم وجبر کا شکار ہے اور کشمیری شہدا کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ تنازع کشمیر کی حل طلب حیثیت بین الاقوامی قوانین اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کی رو سے مسلمہ ہے۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر پر قانون، تاریخ، جغرافیہ، مذہب اور معاشرت کے وزن پاکستان کے حق میں ہے تاہم کامیابی کے لیے معیشت اور سیاست پر توجہ اور مسلسل محنت ناگزیر ہے۔ پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

(46)

گوشوارے جمع کرانے پر بھاری جرمانے عائد ہوں گے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق یکم اکتوبر سے ملک میں لیٹ فائلر کی کیٹگری ختم ہوکر نان فائلر رہ جائے گی جبکہ نان فائلر کے لئے انکم ٹیکس گوشواروں پر لیٹ پیمنٹ کئی گنا ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یکم اکتوبر سے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے پر لیٹ کی بجائے نان فائلر کا جرمانہ لگے گا انفرادی گوشوارہ جمع نہ کرانے پر جرمانہ 1000 روپے کی بجائے 25 ہزار روپے تک پہنچ جائے گا، اسی طرح یکم اکتوبر سے لیٹ فائلر ایسوسی ایشن آف پرسن سے جرمانہ 10 ہزار کی بجائے 50 ہزار روپے جبکہ لیٹ فائلر کمپنی کا جرمانہ 20 ہزار روپے کی بجائے ایک لاکھ روپے وصول کیا جائے گا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق تاجر برادری کے لیے بھی سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹریشن کیلئے آج 30 ستمبر آخری موقع ہے آسان ٹیکس اسکیم کے تحت ریٹرن جمع کرانے کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد بھاری جرمانے عائد ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آسان ٹیکس اسکیم کے بعد گوشوارہ جمع کرانے پر پہلے مہینے میں دس ہزار جرمانہ عائد ہوگا، اسی طرح مقررہ تاریخ کے بعد دوسرے مہینے میں 25 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا جبکہ تیسرے مہینے میں 50 ہزار جرمانہ عائد ہوگا۔

(47)

وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

(48)

نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹیچنگ ہسپتال سبی منتقل کیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جارہی ہے۔ زخمیوں میں اللہ داد ولد امداد سکنہ شکار پور، شفیق ولد ایوب سکنہ شکار پور، گلاب ولد مرید خان سکنہ کوئٹہ، نعمت خان ولد ظاہر احمد سکنہ کوئٹہ، ولی محمد ولد محمد اشرف سکنہ کوئٹہ جبکہ دو نامعلوم افراد شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثہ مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان ٹکر کے باعث پیش آیا، تاہم حادثے کی مزید وجوہات معلوم کی جارہی ہیں۔

(49)

شاہوانی، ڈپٹی ڈائریکٹر لاء احسان برکت، وسیم احمد اور محکمہ معدنیات کے مائن اونرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مذکورہ بل کے حوالے سے اس سے قبل بھی دو اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جبکہ گزشتہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ بل کی مزید شقوں پر محکمہ قانون، مائن اونرز اور متعلقہ محکمے باہمی مشاورت سے غور کریں گے اور اپنی تجاویز کمیٹی کے سامنے پیش کریں گے۔ اجلاس کے دوران اس امر پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ صوبے میں کان کنی کے شعبے میں صحت، حفاظت اور ریسکیو سے متعلق قانونی امور طویل عرصے سے مائنز ایکٹ 1923 کے تحت چلائے جارہے ہیں، جبکہ جدید دور میں کان کنی کے طریقہ کار، مشینری، پیشہ ورانہ صحت و سلامتی، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور موثر نگرانی کے تقاضے تبدیل ہو چکے ہیں۔

(50)

آئی ایم ایف مشن کے ساتھ کک آف اجلاس میں شرکت کی، جس میں آئی ایم ایف مشن کی سربراہی آئیوا پیٹروا نے کی، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ای ایف ایف کے چوتھے جائزے پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن سے آر ایس ایف کے تیسرے جائزے پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی، معاشی ٹیم نے آئی ایم ایف وفد کو ملکی معاشی واقتصادی صورتحال پر بریفنگ دی، وزیر خزانہ نے معاشی استحکام اور اصلاحات پر حکومت کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس کے دوران آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مقررہ اہداف اور اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جبکہ پاکستان کی معاشی کارکردگی، مالیاتی امور اور اصلاحاتی اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں آئی ایم ایف پروگرام کے اہداف کے حصول اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا، معیشت کے استحکام، محصولات میں بہتری اور مالیاتی نظم و ضبط سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف مشن پاکستان کے معاشی و مالیاتی اقدامات پر حکام سے بات چیت جاری رکھے گا۔

(51)

کا کہنا ہے کہ دھماکے کے سبب قریبی ٹیوب ویلوں کی تقریبا 250 سولر پلیٹس بھی ناکارہ ہوگئیں، واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

(52)

طیاروں نے منگل کو تین فضائی حملے کیے۔ ایک مقامی ذریعے نے بتایا کہ سعودی طیاروں نے سحار ضلع کو تین فضائی حملوں کا نشانہ بنایا۔ یحییٰ سریع کے مطابق ان حملوں میں خمیس مشیط اور طائف کے اڈوں سے اڑنے والے ایف 15- اور ٹائفون طیاروں نے حصہ لیا، جبکہ نجران اور جیزان سے میزائل حملے کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ کشیدگی میں اضافے کے آغاز سے اب تک سعودی حملوں اور میزائل حملوں کی مجموعی تعداد 1123 ہوگئی ہے۔ دوسری جانب یمن کی سرکاری فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثی ملیشیا پر حملوں میں 5 حوثی باغی ہلاک اور 13 زخمی ہوئے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق یمنی فوج نے حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں پر زمینی اور فضائی حملے جاری ہیں، سرکاری فوج نے تعز، مارب اور الحدیدہ پر ڈرون طیاروں سے بمباری کی۔ یمنی فوج کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ڈرونز سے الجوف کے علاقے میں حوثیوں کی گاڑیوں اور اجتماعات کو نشانہ بنایا۔ گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران حوثی ملیشیا کے خلاف 756 حملے کیے گئے، حملوں کے نتیجے میں 2 ہزار 316 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک یا زخمی کیا۔

(53)

کے بچے سوار تھے، اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر تمام بچوں کو نکال لیا، زخمی بچوں کو فوری طبی امداد کے بعد سول اسپتال مری منتقل کردیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ ریسکیو فائر فائٹنگ ٹیم نے گاڑی میں لگی آگ پر قابو پا لیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے مطابق حادثے میں بچے جھلس کر زخمی ہوئے ہیں، چار بچوں کو ہولی فیملی اسپتال راولپنڈی منتقل کردیا گیا ہے تاہم ان کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق وین میں بیٹری کے اسپارکنگ کے باعث آگ لگی، گاڑی میں آگ بجھانے والا آلہ موجود نہیں تھا، سوزوکی کیری میں نشستوں کی گنجائش 8 بالغ یا 10 بچوں کی تھی۔ جبکہ گاڑی میں 11 بچے سوار تھے۔ دوسری جانب مری میں اسکول وین حادثے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹ کے حفاظتی معیار کو سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈی پی او مری رضا تنویر نے سی ٹی او مری کو ٹریفک انفورسمنٹ مزید بڑھانے اور اسکول وینز اور پبلک ٹرانسپورٹ کی خصوصی چیکنگ کی ہدایت کی ہے۔ اس کے علاوہ ڈی پی او مری نے اوورلوڈنگ، غیر محفوظ سلنڈرز، فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس کی جانچ کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ غیر محفوظ پبلک ٹرانسپورٹ کے خلاف کارروائی ہوگی، ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیورز گاڑیوں حفاظتی تقاضے مکمل کریں۔

(54)

قریب نشانہ بنایا۔ مسلح حملے میں 3 طالبان ارکان ہلاک جبکہ 2 زخمی ہوئے۔ حملے میں تنظیم کے کسی جنگجو کو نقصان نہیں پہنچا، کارروائی کے بعد جنگجو محفوظ مقام پر منتقل ہوگئے۔

(55)

فوری طور پر مقامی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں کی جانب سے اسے ضروری طبی امداد دی گئی اور ابتدائی علاج کے بعد فارغ کر دیا گیا۔ دوسری جانب آزاد ذرائع کا کہنا ہے کہ تکیہ خان چیک پوسٹ کی عمارت منہدم ہونے سے پولیس اہلکار اسلم نندوانی زخمی ہوئے،

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کی ضمانت ہے، رانا قاسم نون

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا، چیئرمین کشمیر کمیٹی کی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (جی این ایم) چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون نے کہا ہے کہ پاکستانی اور کشمیری یک جان اور دو قالب ہیں پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا، مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کی (باقی صفحہ 3 نمبر45)

صومالیہ میں بحری جہاز کے اغواء کو 165 دن گزر گئے

مغویوں کے اہل خانہ کا ایک بار پھر حکومت سے اپنے پیاروں کی فوری بازیابی کیلئے ہنگامی اقدامات کرنے کا مطالبہ

کراچی (جی این ایم) صومالیہ میں بحری جہاز کے اغوا کو 165 دن گزر گئے، جبکہ جہاز میں یرغمال بنائے گئے 10 پاکستانی ملاحوں کی نئی تصاویر سامنے آ گئی ہیں۔ اس صورتحال کے بعد کراچی میں مغویوں کے اہل خانہ نے ایک بار پھر حکومت سے اپنے پیاروں کی فوری بازیابی کے لئے ہنگامی اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ بیشتر مغوی پاکستانیوں کی طبیعت (باقی صفحہ 3 نمبر43)

کوکین کوئن انمول پنکی کیخلاف مزید 3 مقدمات کا عبوری چالان جمع

کراچی (جی این ایم) جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت کے روبرو کوکین کوئن انمول عرف پنکی اور دیگر ملزمان کے خلاف منشیات کے مقدمات کی سماعت ہوئی۔ درخشاں پولیس نے 6 ماہ بعد تفتیش مکمل کر کے مزید 3 مقدمات کے عبوری چالان عدالت میں جمع کرا دیے۔ عدالت نے (باقی صفحہ 3 نمبر44)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 1.2 ارب ڈالر قسط کیلئے مذاکرات کا آغاز

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اقتصادی جائزے کے حوالے سے مذاکرات کا آغاز ہوگیا، وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف مشن سے ساتھ ورچوئل مذاکرات میں شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ کِک آف اجلاس میں شرکت کی، جس میں آئی ایم ایف مشن کی (باقی صفحہ 3 نمبر42)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے ہمراہ ٹرین میں سفر کر رہے ہیں

وزیرخزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزے پر ورچوئل مذاکرات

معاشی ٹیم کی آئی ایم ایف وفد کو ملکی معاشی و اقتصادی صورتحال پر بریفنگ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اقتصادی جائزے کے حوالے سے مذاکرات کا آغاز ہوگیا، وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف مشن سے ساتھ ورچوئل مذاکرات میں شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے (باقی صفحہ 3 نمبر5)

صدر زرداری سے محسن نقوی کی اہم ملاقات، ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

کراچی (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے اہم ملاقات کی ہے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی اہم ملاقات بلاول ہاؤس کراچی میں ہوئی۔ ذرائع نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور (باقی صفحہ 3 نمبر2)

قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس، بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی کی زیر صدارت اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی رکن خیر جان بلوچ، زابد علی ریکی، صوبائی وزیر برائے معدنیات میر شعیب نوشیروانی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری لاء سعید اقبال، ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز عبداللہ (باقی صفحہ 3 نمبر4)

30 ستمبر کے بعد انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے پر بھاری جرمانے عائد ہوں گے


یکم اکتوبر سے ملک میں لیٹ فائلر کی کیٹگری ختم ہو کر نان فائلر رہ جائے گی، ایف بی آر

اسلام آباد (جی این ایم) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج 30 ستمبر آخری تاریخ ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کا کہنا ہے کہ 30 ستمبر کے بعد انکم ٹیکس (باقی صفحہ 3 نمبر1)

سبی، مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک میں تصادم، ڈرائیور سمیت 7 مسافر زخمی

ریسکیو ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زخمیوں کو ٹیچنگ اسپتال سبی منتقل کر دیا

سبی (جی این ایم) مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ویگن ڈرائیور سمیت سات مسافر زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکاروں (باقی صفحہ 3 نمبر3)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پہنچنے پر بچیوں سے گلدستہ پیش کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت بلوچ کی عیادت کر رہے ہیں

سعودی طیاروں کے 24 گھنٹوں میں 38 فضائی حملے متعدد حوثی ہلاک و زخمی

حوثیوں کا متعدد شہریوں کی ہلاکت اور زخمی ہونے کا دعویٰ، المخا میں یمنی افواج کے ساتھ جھڑپوں میں 5 حوثی ہلاک، 13 زخمی ہوگئے

گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران حوثی ملیشیا کے خلاف 756 حملے کیے گئے، حملوں کے نتیجے میں 2 ہزار 316 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک یا زخمی کیا گیا

صنعا (جی این ایم) یمن حوثیوں کے فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی طیاروں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران یمن کے تین صوبوں میں 38 فضائی اور میزائل حملے کیے، جن کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد شہری ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں جبکہ یمن کی سرکاری فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ المخا میں جھڑپوں میں 5 حوثی ہلاک اور 13 زخمی ہوگئے ہیں۔ یمنی خبر رساں ادارے سبا کے مطابق یحییٰ سریع نے ایک مختصر بیان میں کہا کہ سعودی حملے تعز، صعدہ اور حجہ صوبوں میں کیے گئے۔ ادارے کے مطابق یمن کے صعدہ گورنریٹ پر سعودی (باقی صفحہ 3 نمبر7)

مستونگ میں قومی شاہراہ پر ہوٹل دھماکے سے تباہ، علاقے میں خوف و ہراس

جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، قریبی گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے، ایک دکان بھی مکمل طور پر تباہ ہوگئی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے صوبے مستونگ میں قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ کے قریب نامعلوم افراد نے ہوٹل کو مبینہ طور پر بارودی مواد سے اڑا دیا، دھماکے کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی۔ پولیس حکام کے مطابق دھماکے کی شدت سے قریبی گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے جبکہ ساتھ موجود ایک دکان بھی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر6)

مسلح افراد کی فائرنگ سے سکیورٹی کیمرہ ناکارہ اور اہلکاروں سے اسلحہ چھینے جانے کی اطلاعات

شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا، ذرائع کے مطابق پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھیننے کا واقعہ طارق چوک پر پیش آیا

نوشکی (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر سوار ہو کر دندناتے ہوئے شہر میں داخل ہوگئے، جن کی جانب سے شہر کے مختلف حصوں (باقی صفحہ 3 نمبر41)

کوئٹہ، نامعلوم افراد کا ایگل اسکواڈ پر حملہ، دو اہلکار زخمی، ایک حملہ آور ہلاک

پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات اور حملے میں ملوث عناصر کی شناخت کے لیے کارروائی جاری ہے

کوئٹہ (جی این ایم) سریاب کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں پر حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شدید زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد پولیس نے فوری جوابی کارروائی کی، جس میں ایک مبینہ حملہ آور ہلاک (باقی صفحہ 3 نمبر40)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر حنیف عباسی اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی جناح پیپلز ٹرین سروس کچلاک سے سریاب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک چین دوستی باہمی احترام، اعتماد اور امن و ترقی کے مشترکہ عزم پر استوار ہے، گیلانی

کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں، چیئرمین سینیٹ

قوفو، چین (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی اعتماد، باہمی احترام، باہمی تعاون اور امن و ترقی کے مشترکہ عزم پر استوار ہے۔ کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے حوالے سے (باقی صفحہ 3 نمبر39)

ضلع زیارت میں صنوبر کے جنگلات میں تین روز سے لگی آگ نہ بجھ سکی

آگ کے دو الگ واقعات پیش آئے، متاثرہ رقبے کا درست اندازہ اب تک نہیں لگایا جا سکا، محمد امین مینگل

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع زیارت میں دنیا کے دوسرے بڑے صنوبر (جونیپر) کے جنگل میں تین روز سے آگ لگی ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق 70 ایکڑ سے زائد رقبہ متاثر ہو چکا ہے۔ علاقے میں مسلح شدت پسندوں اور سکیورٹی خطرات کی وجہ سے تین دن گزرنے کے باوجود آگ بجھانے کی کوئی کارروائی شروع نہیں ہو سکی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے (باقی صفحہ 3 نمبر37)

چھوٹے کاروبار اور ہاؤسنگ کیلئے قرضوں کی حد 50 لاکھ کرنے کی تجویز

مجوزہ ترامیم شراکت داروں کی مشاورت کیلئے جاری کر دی گئی ہیں، ایس ای سی پی

کراچی (جی این ایم) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مائیکرو انٹرپرائز اور ہاؤسنگ قرضوں کی حد 50 لاکھ روپے کرنے کی تجویز دیدی۔ ایس ای سی پی کے اعلامیہ کے مطابق مجوزہ ترامیم شراکت داروں کی مشاورت کیلئے جاری کر دی گئی ہیں، جن میں مائیکرو فنانس قرض کے لئے سالانہ آمدن کی حد 12 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے کرنے کی تجویز شامل ہے۔ اسی طرح چھوٹے کاروباروں کیلئے سالانہ ٹرن اوور کی حد 3 کروڑ روپے سے (باقی صفحہ 3 نمبر35)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آرمی پبلک سکول کے طلباء پاکستان فورسز کے نایاب ٹکٹوں کے سیٹ دیکھا رہے ہیں

صحبت پور، پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے اہلکار زخمی، اسپتال منتقل

آر ڈی 38 تکیہ خان اسلم نندوانی کے مقام پر حادثہ، ابتدائی طبی امداد کے بعد اہلکار کو فارغ کر دیا گیا

صحبت پور (جی این ایم) صحبت پور میں شہید شیر حسن پولیس تھانے کی حدود میں آر ڈی 38 تکیہ خان اسلم نندوانی کے مقام پر قائم پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے ایک پولیس اہلکار شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کے وقت پولیس اہلکار محمد اسلم نندوانی مذکورہ چیک پوسٹ پر تعینات تھا۔ چھت کا ملبہ اور پلستر گرنے کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگیا، جسے (باقی صفحہ 3 نمبر10)

صحبت پور، بزرگ ہستی شہنشاہ سے زائرین کی ٹریکٹر ٹرالی کھائی میں گر گئی، متعدد افراد زخمی

تیز رفتاری کے باعث ٹائر راڈ ٹوٹنے سے حادثہ پیش آیا، دو شدید زخمیوں کو لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا ہے

صحبت پور (جی این ایم) صحبت پور میں پولیس تھانہ جیانی کی حدود میں مزار بزرگ ہستی شہنشاہ سے زائرین کو لے کر واپس آنے والی ایک ٹریکٹر ٹرالی تیز رفتاری کے باعث خوفناک حادثے کا شکار ہو کر سڑک کے کنارے گہری کھائی میں گر گئی۔ حادثے کے نتیجے میں ٹرالی میں سوار خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث ٹریکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر14)

گورنر راج یا ایمرجنسی لگائی تو عوام بھرپور ردعمل دے گی، جنید اکبر

وفاق میں کے پی حکومت گرانے کی ہمت ہی نہیں، صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا

اسلام آباد (جی این ایم) صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا جنید اکبر نے کہا ہے کہ وفاق میں پی ٹی آئی کی حکومت گرانے کی ہمت ہی نہیں ہے، کے پی میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگائی تو عوام بھرپور ردعمل دے گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں حکومت ہماری (باقی صفحہ 3 نمبر16)

پاکستان علاقائی و عالمی امن کے فروغ کے لیے پرعزم ہے مصدق ملک

ملک علاقائی و عالمی استحکام میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے کوششیں جاری رکھے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے علاقائی اور عالمی امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی حالات میں پاکستان عالمی استحکام کے لیے اپنا کردار (باقی صفحہ 3 نمبر18)

عبدالخالق خان اچکزئی نے قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی و دیگر طبقہ فکر کے لوگوں کی شرکت

چمن (خ ن) چمن سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر حاجی عطاء اللہ خان اچکزئی، ڈپٹی میئر میونسپل کارپوریشن مطیع اللہ خان اچکزئی سمیت ادیبوں، شاعروں، دانشوروں اور علم و ادب سے وابستہ شخصیات (باقی صفحہ 3 نمبر20)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کا روڈز کے ترقیاتی منصوبوں کا دورہ، کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ

مقررہ مدت میں منصوبوں کی تکمیل اور اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، متعلقہ حکام کو سختی سے ہدایات

چھتر (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے ضلع میں مواصلات و تعمیرات روڈز کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر کے تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر مواصلات و تعمیرات روڈز بوستان خان جانڈ (باقی صفحہ 3 نمبر22)

افغانستان، مخالف مزاحمتی فورسز کی مسلح کارروائیاں، 3 طالبان ارکان ہلاک، 2 زخمی

کابل (جی این ایم) طالبان مخالف مسلح تنظیم افغانستان فریڈم فرنٹ نے صوبہ بدخشاں کے دارالحکومت فیض آباد میں مسلح حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان فریڈم فرنٹ کے مطابق تنظیم کے جنگجوؤں نے صبح 9:45 بجے طالبان اہلکاروں کی گاڑی کو محکمہ معدنیات کے (باقی صفحہ 3 نمبر9)

کینیڈین مصنوعات پر امریکی پابندی نافذ العمل ہوگئی

اوٹاوا (جی این ایم) کینیڈا کی متعدد درآمدات پر امریکی پابندی، جن میں الکوحل، ڈیری مصنوعات اور موٹر سائیکلیں شامل ہیں، نافذ العمل ہوگئیں۔ ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے یہ تازہ ترین اقدام اس ماہ کے شروع میں امریکی اشیا کی ایک رینج پر کینیڈا کے ٹیرف کے نفاذ (باقی صفحہ 3 نمبر12)

نیتن یاہو نے اماراتی صدر کی دعوت پر ابوظہبی کا دورہ کیا، اسرائیلی وزیراعظم آفس

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی وزیراعظم آفس نے تصدیق کی ہے کہ وزیراعظم نیتن یاہو نے اماراتی صدر شیخ محمد بن زاید کی دعوت پر متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا۔ اماراتی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق متحدہ عرب (باقی صفحہ 3 نمبر15)

اقوام متحدہ فنڈز کی شدید کمی، 8.3 ملین پناہ گزینوں کو امداد سے محرومی کا خدشہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ فنڈز کے بڑھتے ہوئے بحران کے باعث رواں سال تقریباً 8.3 ملین پناہ گزین اور جبری بے گھر افراد امداد سے محروم ہو سکتے ہیں جبکہ بعض ممالک میں تحفظ کا نظام تباہی کے (باقی صفحہ 3 نمبر19)

تھائی لینڈ، شدید بارشوں اور سیلاب سے 23 افراد ہلاک

بینکاک (جی این ایم) تھائی لینڈ میں شدید بارشوں اور سیلاب سے 23 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تھائی لینڈ میں وسط ستمبر سے شروع ہونے والی بارش اور سیلاب کی وجہ سے دارالحکومت بنکاک میں 7 لاکھ سے زائد افراد متاثر ہو چکے ہیں۔ تھائی لینڈ کے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ادارے کی جانب سے بتایا گیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر21)

مری میں اسکول وین کو حادثہ، آگ لگنے سے بچوں سمیت 11 افراد جھلس کر زخمی

اسکول وین حادثے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹ کے حفاظتی معیار کو سخت کرنے کا فیصلہ

راولپنڈی (جی این ایم) مری میں اسکول کے بچوں کو لے جانے والی وین حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں بچوں سمیت 11 افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مری میں لوئر موہڑا بڑاہوتر کے قریب اسکول وین بے قابو ہو کر سڑک سے نیچے جا گری جس کے بعد وین میں آگ لگ گئی۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ گاڑی میں پرائیویٹ اور سرکاری اسکول (باقی صفحہ 3 نمبر8)

بلوچستان میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 148 کلو منشیات برآمد

سرنان، پنجگور اور دالبندین میں کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار، مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئیں

کوئٹہ (جی این ایم) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے بلوچستان میں منشیات کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 148 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ اے این ایف ترجمان کے مطابق سرنان، ضلع پشین کے قریب ایک ٹرک میں سیب کی پیٹیوں میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس اور 12 کلوگرام آئس برآمد کر کے (باقی صفحہ 3 نمبر11)

ورلڈ ہارٹ ڈے کے موقع پر ٹیچنگ ہسپتال کے زیر اہتمام آگاہی واک

متوازن غذا، باقاعدہ ورزش اور تمباکو نوشی سے اجتناب دل کی صحت کے لیے ناگزیر ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز جمالی

لورالائی (جی این ایم) ورلڈ ہارٹ ڈے کی مناسبت سے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں دل کے امراض سے بچا، بروقت تشخیص اور صحت مند طرز زندگی کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی علی نواز جمالی، ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر زین اللہ، ڈاکٹر نجم الدین۔ ڈاکٹر زاہد اللہ داد۔ سابق ناظم وکونسلر عزیز پٹھان، (باقی صفحہ 3 نمبر13)

گنداخہ، شہر میں نکاسی آب کے مسائل کے حل اور سیوریج نظام کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کا آغاز

چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی ہدایت پر مختلف گلیوں میں سروے جاری، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

گنداخہ (یو این اے) میونسپل کمیٹی گنداخہ کی جانب سے شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے مسائل کے مستقل حل کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی خصوصی ہدایت پر بلدیاتی فنڈز سے شہر کی مختلف گلیوں میں سیوریج نظام کی بحالی اور نکاسی آب کی بہتری کیلئے سروے کا عمل جاری ہے، سروے کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر17)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا نومنتخب صدر کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری احمد گل اور عہدیداران کے ساتھ گروپ فوٹو

امریکا ایران کشیدگی، خام تیل کی عالمی قیمت 106 ڈالر سے تجاوز کر گئی

لندن (جی این ایم) عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں مسلسل دوسرے سیشن بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کی بنیادی وجہ مشرق وسطیٰ میں سپلائی متاثر ہونے کے خدشات اور امریکا ایران تنازع کو قرار دیا جا رہا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق برینٹ خام تیل (باقی صفحہ 3 نمبر38)

اسرائیلی فورسز کا جنوبی شام میں گھروں پر دھاوا، چوکی قائم کر لی

دمشق (جی این ایم) جنوبی شام میں اسرائیلی فورسز نے تازہ زمینی کارروائیوں کے دوران گھروں پر دھاوا بول دیا اور تلاشی اور عارضی چوکی قائم کر لی۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے درعا کے مغربی علاقے میں واقع گاؤں معریہ میں متعدد گھروں پر چھاپے مارے، (باقی صفحہ 3 نمبر36)

اے این ایف کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 4 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (جی این ایم) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 6 کارروائیوں میں 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا (باقی صفحہ 3 نمبر34)

نئی ڈیڈ لائن دینے سے پہلے اپنی پیش گوئیوں کی میعاد دیکھ لیں، فاطمہ مہاجرانی

تہران (جی این ایم) ایرانی حکومت کی ترجمان فاطمہ مہاجرانی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تازہ بیانات کے ردعمل میں کہا ہے کہ نئی ڈیڈ لائن مقرر کرنے سے پہلے امریکی حکام اپنی پیش گوئیوں کی میعاد دیکھ لیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر33)

ایران کے ساتھ طویل جنگ کی قیمت امریکی عوام اور فوجی ادا کر رہے ہیں، چک شومر

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینیٹ میں اقلیتی رہنما چک شومر نے ایران کے خلاف جاری جنگ کی طوالت پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ چک شومر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا ہے کہ یاد کریں جب ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایران میں جنگ صرف 4 سے 5 ہفتے جاری رہے گی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر31)

کوئٹہ میں بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ میٹرو ٹرین سروس کا افتتاح

جناح پیپلز ٹرین سریاب اور کچلاک کے درمیان 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک پر چلائی جائے گی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے شہریوں کے لیے جدید، محفوظ اور کم خرچ سفری سہولت کا منصوبہ عملی شکل اختیار کر گیا، سریاب سے کچلاک کے درمیان بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ میٹرو ٹرین جناح پیپلز ٹرین سروس کا باقاعدہ آغاز ہوگیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے جناح پیپلز ٹرین سروس کا افتتاح کیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر32)

صوبائی وزیر صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر اور دیگر رہنماؤں کی ملاقات

نصیرآباد ڈویژن میں پارٹی امور، تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنوں کو درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال

چھتر (جی این ایم) صوبائی وزیر برائے آبپاشی بلوچستان و پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ اور پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری شان ثاقب ابڑو نے عمرانی ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران نصیرآباد ڈویژن سمیت مختلف اضلاع (باقی صفحہ 3 نمبر30)

اوتھل، کوسٹ گارڈز کی کارروائی، مسافر کوچ سے 61 نایاب باز برآمد، بیرون ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام

کوئٹہ سے کراچی جانے والی گاڑیوں میں اسمگل کیے جانے والے باز وائلڈ لائف حکام کی موجودگی میں قدرتی ماحول میں آزاد

اوتھل (جی این ایم) پاکستان کوسٹ گارڈز کی اوتھل چیک پوسٹ پر بڑی کارروائی، کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو مسافر کوچز سے 61 نایاب اور قیمتی نسل کے باز برآمد کر لیے گئے، بیرون ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام، تمام بازوں کو وائلڈ لائف حکام کی موجودگی میں آزاد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کے کمانڈنٹ آفیسر لیفٹیننٹ کرنل زین العابدین (باقی صفحہ 3 نمبر29)

اوتھل، لسبیلہ پولیس کی کارروائی، سندھ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کھار کچہ سے گرفتار

دوران سنیپ چیکنگ ناکہ کھار کچہ پر کارروائی، حیدرآباد کے تھانہ فورٹ کے مقدمے میں ملوث ملزم کو حوالے کیا جائے گا

اوتھل (جی این ایم) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO عبدالجلیل سومرو کی حیدرآباد سندھ کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار لسبیلہ پولیس کے ترجمان کی پریس ریلیز کے مطابق ایس۔ایس۔پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم (باقی صفحہ 3 نمبر28)



صحبت پور: ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کو تحصیل آفس صحبت پور کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

سلیب سسٹم ختم حکومت کا یکساں گیس ٹیرف نافذ کرنے کا فیصلہ

آئی ایم ایف سے منظوری لی جائیگی، اوسط گیس ٹیرف 1708 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کرنے کا منصوبہ

نئی پالیسی لاگو ہونے سے گھریلو صارفین کے نرخوں میں نمایاں اضافہ متوقع ہے جبکہ صنعتی اور تجارتی شعبے کیلئے گیس نرخوں میں نمایاں کمی کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت پیٹرولیم نے گیس کے یکساں ٹیرف پر کام شروع کر دیا۔ یکساں ٹیرف کے نظام کی پالیسی کی منظوری آئی ایم ایف سے لی جائے گی۔ یکساں ٹیرف پالیسی کے نفاذ سے گیس سیکٹر میں سلیب سسٹم ختم ہو جائے گا۔ ذرائع کے مطابق موجودہ 12 سلیب پر مشتمل گیس ٹیرف نظام ختم کرنے کی تجویز ہے، یکم جولائی 2027 سے سنگل گیس ٹیرف نافذ کرنے کی تجویز پر کام شروع کر دیا گیا۔ تمام صارفین کیلئے اوسط گیس ٹیرف 1708 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کرنے کا منصوبہ زیر غور ہے، کم آمدن مستحق افراد کو گیس کے بجائے آمدنی کی بنیاد پر سبسڈی دینے کی تجویز ہے۔ گیس سبسڈی کا موجودہ نظام ختم، آمدنی کو ریلیف کا معیار بنانے کی تجویز ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے آئی ایم ایف سے کراس سبسڈی ختم کرنے کا وعدہ (باقی صفحہ 3 نمبر23)

مستونگ، تحصیل کھڈ کوچہ میں نامعلوم افراد کا بم دھماکہ، ہوٹل اور ملحقہ دکان تباہ، سولر پلیٹس کو بھی نقصان

ریکی بوز کے علاقے میں ہونے والے دھماکے سے قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے، علاقے میں شدید خوف و ہراس

مستونگ (جی این ایم) تحصیل کھڈ کوچہ کے علاقے ریکی بوز میں گزشتہ شام نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ بم دھماکے کے ذریعے مدینہ ہوٹل کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق دھماکے کی شدت سے ہوٹل سے ملحقہ پرچون کی دکان بھی مکمل طور پر تباہ ہوگئی جبکہ قریبی ٹیوب ویلوں کی سولر پلیٹس کو بھی نقصان پہنچا۔ دھماکے کے باعث آس پاس واقع گھروں کی کھڑکیوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں (باقی صفحہ 3 نمبر24)

دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، صدر

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم کو سیکیورٹی فورسز پر ... (باقی صفحہ 3 نمبر25)

ونڈر، پاک فوج کے افسر کرنل ماجد کا لیاری میں ماتا مندر اور دربار صاحب کا دورہ

زائرین کو فول پروف سکیورٹی اور محفوظ ماحول فراہم کیا جائے گا، ہندو برادری کے معززین سے ملاقات، منتظمین کا اظہار اطمینان

ونڈر (جی این ایم) لسبیلہ کے پسماندہ علاقے لیاری میں پاک فوج کے افسر کرنل ماجد نے خصوصی دورہ کرتے ہوئے تاریخی ماتا مندر اور دربار صاحب کا ... نوراتری فیسٹیول کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران آنے والے ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے انتظامات زائرین کی سہولت اور سکیورٹی ... (باقی صفحہ 3 نمبر26)

وزیراعظم کی بین الاقوامی کاروباری شخصیات کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

لندن (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے بین الاقوامی کاروباری شخصیات کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دے دی۔ وسطی لندن کے ہوٹل میں سرمایہ کاروں نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ... (باقی صفحہ 3 نمبر27)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ جنرل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



سرکی روڈ کی رہائشی ماریہ اقبال پریس کانفرنس کر رہی ہیں